Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 4 ستمبر 2024ء، 29 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 155

پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ سے نوجوانوں کو خود مختار بنائیں گے، مریم نواز شریف

نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر ملک کی تقدیر بدلی جاسکتی ہے

پنجاب میں چیف منسٹرز انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے، نوجوانوں کو سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ کے ذریعے آئی ٹی سکلز اور آن جاب ٹریننگ دی جائے گی، وزیراعلیٰ پنجاب

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ کے ذریعے نوجوانوں کو باعزت طور پر خود مختار کی راہ پر گامزن کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ سے متعلق امور کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں نوجوانوں کو قابل (بقیہ نمبر 30)

فرح دیبا وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کلچر و نیشنل ہیریٹج کی کوآرڈینیٹر مقرر

وزیر اطلاعات خاطر نے فرح دیبا کو ہیریٹج کلچر کا کوارڈی نیٹر مقرر کرنے کا ڈیکلیئشن پیش کیا

لاہور (اے ایف پی) مسلم لیگ (ن) کی رہنما سابق رکن صوبائی اسمبلی فرح دیبا کو وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کلچر و نیشنل ہیریٹج کا کوآرڈینیٹر مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے گزشتہ روز ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات (بقیہ نمبر 31)

پنجاب بجلی کے بلوں پر ریلیف اور سولر منصوبہ خطرے میں

پنجاب حکومت کی طرف سے 2 ماہ کے لئے بجلی بلوں میں 14 روپے فی یونٹ سبسڈی دینے کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئی ایم ایف نے پنجاب حکومت کی طرف سے بجلی بلوں پر 14 روپے فی یونٹ ریلیف دینے کیلئے سبسڈی کی فراہمی 30 ستمبر تک ختم کرنیکا مطالبہ کرتے ہوئے سے قرضہ پروگرام کیلئے (بقیہ نمبر 34)

عمران خان کا فوجی تحویل میں نہ دینے کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع

آئی جی اسلام آباد، آئی جی پنجاب، ڈی جی پنجاب ایف آئی اے اور آئی جی جیل خانہ جات کو بھی درخواست میں فریق بنایا گیا ہے

اسلام آباد (یو پی آئی) پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان نے 9 مئی مقدمات میں فوجی کورٹ ٹرائل کے لیے خود کو فوجی تحویل میں نہ دینے کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا۔ وکیل عزیر کرامت بھنڈاری کے ذریعے (بقیہ نمبر 3)

اسٹیبلشمنٹ کے عمران کیساتھ معاملات ٹھیک نہیں ہونگے

ملکی حالات پر تمام سیاسی جماعتیں بیٹھ کر بات کریں تو حل نکل سکتا ہے، پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنا چاہتی ہے

کراچی (یو پی آئی) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ معاملات ٹھیک نہیں ہوں گے۔ ملکی حالات پر تمام سیاسی جماعتیں بیٹھ کر بات کریں تو حل نکل سکتا ہے، پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنا چاہتی (بقیہ نمبر 32)

پاکستان اور 6 ممالک پر مشتمل تجارتی بلاک (مرکوسر) کے درمیان تجارتی فریم ورک معاہدے پر دستخط

روزگار کے مواقع پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

جنوبی امریکہ کی مارکیٹ مکمل طور پر پاکستانی مصنوعات کے لئے اچھی مارکیٹ ثابت ہوسکتی ہے، مہنگائی کا بوجھ آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے پاکستان اور 6 ممالک پر مشتمل تجارتی بلاک (مرکوسر) کے درمیان تجارتی فریم ورک معاہدے پر دستخط کی توثیق کر دی جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ جنوبی امریکہ کی مارکیٹ مکمل طور پر پاکستانی مصنوعات کے لئے اچھی مارکیٹ ثابت ہوسکتی ہے، مہنگائی کا بوجھ آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے، ہمیں معیشت میں مزید استحکام لانا ہے، روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ کے دوران وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر صنعت، پیداوار و قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین کے بھائی ورکن (بقیہ نمبر 38)

چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلوے جاوید عزیز مرعی بلوچ چینی ایمبی کے ساتھ آفیشل کاٹیمر کیبل بچھانے کے معاہدے پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

متعدد افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے

ڈی جی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی سفینہ صدیق، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ فروہ عامر کو ایس ایڈی جی رپورٹ کرنے کا حکم

عبدالرزاق ایڈیشنل سیکرٹری سکولز ایجوکیشن، کاشف رضا کو سیکرٹری پنجاب ایگریکلچر اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ تعینات کر دیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے متعدد افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی سفینہ صدیق کو ایڈیشنل سیکرٹری ایجوکیشن، کاشف رضا کو سیکرٹری پنجاب ایگریکلچر اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ تعینات کر دیا گیا، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ فروہ عامر کو ایس ایڈی جی رپورٹ کرنے تعینات کی گئی ہیں۔ ایس ایڈی جی ایف ڈی اور مسٹر فراز حسین کو آفیشل سیکرٹری اگریکلچر اتھارٹی، زوہیر وحید کو کمپرہنسو اگیوائزیز جنوبی پنجاب، ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 4)

قلعہ سیف اللہ میں کلاؤڈ برسٹ سے طوفانی بارشیں

بلوچستان میں مون سون بارشوں میں اموات کی تعداد 34 ہوگئی

قلعہ سیف اللہ (اے ایپی) بلوچستان کے علاقے قلعہ سیف اللہ کے پہاڑی علاقوں میں کلاؤ برسٹ کے باعث طوفانی بارش نے تباہی مچادی۔ مسلسل بارش کی وجہ سے قلعہ سیف اللہ کے پہاڑی علاقوں میں انتہائی اونچے درجے کے سیلابی ریلے تر تیبی آبادیوں، فصلوں اور باغات میں داخل ہو گئے جس سے بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا ہے۔ (بقیہ نمبر 45)

پنجاب بیوروکریسی/ تقرر و تبادلے

ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سیکرٹری محکمہ انفارمیشن اینڈ کلچر تعینات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب بیوروکریسی میں تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (DGPR) ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو سیکرٹری محکمہ انفارمیشن اینڈ کلچر تعینات کر دیا گیا۔ احمد عزیز تارڑ کو سیکرٹری محکمہ انفارمیشن اینڈ کلچر تعینات کر دیا گیا۔ پبلک پراسیکیوشن تعینات کر دیا گیا ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز (DGPR) ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو سیکرٹری محکمہ انفارمیشن اینڈ کلچر تعینات کر دیا گیا۔

غیر قانونی اور ڈبل پارکنگ کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

رواں سال کے دوران 79 ہزار سے زائد گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں

شہر و مضافات کو تجاوزات کی گئی کہ وہ فٹ پاتھ اور روڈ گاڑیاں کھڑی کرنے سے گریز کریں، اسلام آباد ٹریفک پولیس

مہنگائی کا بوجھ کم ہو رہا ہے، پی ٹی آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہو سکتا ہے: وزیراعظم

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزیراعظم شہباز شریف نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہونا چاہیے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ (بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد پولیس کا غیر قانونی اور ڈبل پارکنگ کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، رواں سال کے دوران 79 ہزار سے زائد گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سیوطی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا غیر قانونی (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد ہائیر ٹیک پولیس ایکٹر فلیٹ پارکنگ پر گاڑیوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا اظہار تعزیت

گورنر پنجاب سردار سلیم کی خوش دامن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی خوش دامن اور سابق وفاقی وزیر چوہدری نازعلی خان کی بھتیجہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار تعزیت اسپیکر کا چوہدری نازعلی خان کی بھتیجہ اور گورنر پنجاب کی خوش دامن کے انتقال (بقیہ نمبر 40)

ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کے داماد کا انتقال، اسپیکر قومی اسمبلی کا اظہار تعزیت

مرحوم کی وفات سوگوار خاندان کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق اسپیکر قومی اسمبلی ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کے داماد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے ڈاکٹر فہمیدہ مرزا اور ان کے اہلخانہ کے نام جاری تعزیتی پیغام میں ان کے (بقیہ نمبر 41)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی سی پی آر کی عمارت کا جائزہ لے رہی ہیں

بجلی کی قیمتوں سے متعلق 20 فیصلوں پر ازسرنو سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ

عوامی سماعت ایک پروفیشنل انداز میں ہوتی ہے، ہم ان تمام سوال کو حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے لیپٹیلیٹ فریوٹل کیس پر ماہانہ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹس کے تحت کیے گئے بجلی کی قیمتوں سے متعلق 20 فیصلوں پر ازسرنو سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیئرمین نیپرا ایم (بقیہ نمبر 42)

عالیہ حمزہ، صنم جاوید کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

عدالت میں بطور جج نہیں بیٹھا، میں نے کیس صرف اگلی تاریخ کے لیے ملتوی کیا ہے: جج نادر الرشد

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کو فتنہ شادمان اور مظہر وہ میں جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں عالیہ حمزہ اور صنم جاوید کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔ دوران سماعت جج خالد ارشد اور پی ٹی آئی کے رہنماؤں کے درمیان (بقیہ نمبر 43)



سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق پارلیمانی مشاورت کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی

پاکستان کا توانائی کا شعبہ دہائیوں سے مشکلات کا شکار ہے، سردار ایاز صادق

پارلیمنٹ توانائی چیمبر مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پارٹی وابستگی سے بالاتر ہو کر اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے پرعزم ہے

توانائی کے سستے ذرائع تلاش کرنا وقت کا تقاضہ ہے، سستی توانائی سستی بجلی پیدا کرنے کا اہم ذریعہ ہے

پاکستان کی پارلیمان کو سستی توانائی پر چلنے والی دنیا کی پہلی پارلیمان ہونے کا اعزاز حاصل ہے،، اسپیکر قومی اسمبلی

تاہم توانائی کے شعبے کو منظم کرنا پاکستان میں بجلی کی زیادہ قیمت سے نمٹنے کیلئے مزید ٹوس اقدامات کی ضرورت ہے

پاکستان میں بجلی کی تقسیم کے نظام کے لیے حکمت عملی کے انتخاب پر پارلیمانی مشاورت کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ ہی وہ موثر پلیٹ فارم ہے جہاں مشترکہ مسائل پر غور و خوض کر کے قابل حل حوالہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا توانائی کا شعبہ دہائیوں سے مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ بجلی کی قیمتوں سے عوام پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو بجلی کی قیمتوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ ہمیں توانائی کے سستے ذرائع تلاش کرنا ہوں گے۔ سستی توانائی سستی بجلی پیدا کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ ماحول دوست توانائی کے ذرائع کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 5)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق پارلیمانی مشاورت کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب پاپولیشن پالیسی کے مسودے پر مشاورتی اجلاس کا انعقاد

ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر اور ڈاکٹر نائلہ الطاف، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیک نے اجلاس کی صدارت

ڈاکٹر توصیف کنسلٹنٹ نے پالیسی کا مسودہ پیش کیا، پاپولیشن ویلفیئر کے افسران IRMNCHUNFPA، P&SHCD اور P&D کے نمائندوں کی شرکت

سال 2024 UNFPA کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، موجودہ کنٹرا سیپٹو ادویات کے استعمال کے رویے پر مطالعہ کرنے پر زور

پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کے ترقیاتی مقصد خاندانی منصوبہ بندی کی موثر معیاری خدمات کے استعمال کو بڑھانا ہے

پاکستان نے اپنے FP2030 کے وعدے اپنے قومی اہداف کے مطابق کیے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محترمہ بہبود آبادی کا پالیسی کے مسودے پر ایک فوسٹ مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا۔ سیشن میں پاپولیشن ویلفیئر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر اور ڈاکٹر نائلہ الطاف، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیک نے سیشن کی صدارت کی۔ ڈاکٹر توصیف کنسلٹنٹ نے پالیسی کا مسودہ پیش کیا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 6)

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے پاپولیشن پالیسی کی ڈرافٹ کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

جی ٹی روڈ پر پڑے شگاف کھڈے کو بھرنے کیلئے این ایچ اے متحرک

ہیوی مشینری لگا کر کھدائی کا عمل جاری مسئلے کے مستقل حل کے لیے ریت بجری سیمنٹ کے ساتھ حفاظتی بند تیار کرنے کا عمل جاری

عالیہ بارشوں کے باعث بڑنے والا کھڈا کسی بھی وقت خطرے کا موجب بن سکتا تھا NHA کا بروقت اقدام قابل ستائش عمل ہے

لوجر خان (قمر شہزاد) عالیہ بارشوں کی وجہ سے جی ٹی روڈ سرد فہیدیہ کا ٹ کے سامنے راولپنڈی کی طرف ایک بڑا شگاف کھڈا بن گیا جاتو کہ کسی بھی سامنے کا سبب بن سکتا تھا رپورٹ میڈیا پر مسلہ ہائی لائٹ ہونے پر این ایچ اے حکام نے فوٹس لیتے ہوئے اس جگہ کی مرمتی کا کام شروع کر دیا چوکہ روڈ کی سائیڈ پر گہری کھائی اور مٹی کا بڑا حصہ بہہ گیا تھا جسکے لیے حکام نے ہیوی مشینری لگا کر (بقیہ نمبر 7)

کمپریسر کے غیر قانونی استعمال پر کنکشن 32 کاٹ دیئے گئے

پنجاب، خیبر پختونخواہ، اور اسلام آباد میں مزید 32 گیس کنکشن منقطع، 17 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد

شیخوپورہ میں ٹیم نے غیر قانونی گیس استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے اور 9 لاکھ 90 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے

لاہور (نمائندہ عوامی) سوئی ناردرن گیس کے قصور چاری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ، اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مزید 32 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے، جبکہ 7 لاکھ 50 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ لاہور میں گیس کی ٹیم نے 12 کنکشن منقطع کیے اور 4 لاکھ 10 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ ملتان میں ٹیم نے غیر قانونی گیس استعمال پر 11 کنکشن منقطع کیے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی گیس کے استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے اور 30 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ شیخوپورہ میں ٹیم نے غیر قانونی گیس استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے اور 9 لاکھ 90 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا۔ سیالکوٹ میں غیر قانونی گیس کے استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے گئے اور 3 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
قوم کی بے باک آواز
ادارہ اصل کتابت اشاعت
ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مہنگائی میں مزید کمی کی پیشگوئی اور زمینی حقائق

وزیراعظم شہباز شریف سے افراط زر کی شرح میں کمی اور موڈیز کی ریٹ گ میں بہتری پر اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشی ماہری کی تعمیر میں مہنگائی کی شرح میں مزید کمی کی پیش گوئی خوش آئند ہے۔ وزیراعظم سے افراط زر کی شرح اور وفاقی ادارہ شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق مہنگائی کے اشاریوں میں کمی پر اظہار اطمینان کیا گیا۔ اہوں سے کہا کہ جولائی 2024ء میں کے زیومر پرائس انڈیکس میں ریکارڈ کی ہوئی۔ حکومت معاشی اصلاحات کی پالیسی پر گامزن، رائٹ سائزگ پالیسی پر بھی تیزی سے کام ہو رہا ہے جس کی گرمای میں خود کر رہا ہوں، اس کے معیشت پر مثبت اثرات جلد مایاں ہوں گے۔ اہوں سے کہا کہ وفاقی حکومت اور حکومتِ پ جاب کی جاب سے نکلی صارفی کوبلوں کی مد میں ایک ہزار ریلیف دیا گیا اور پیٹرولیم مص دعات کی قیمتوں میں مزید کمی کی گئی ہے۔ ہماری حکومت تمام فوائد عام آدمی تک منتقل کرے پر یقین رکھتی ہے۔ن

اس میں کوئی شک ہیں کہ وزیراعظم شہباز شریف عوام کو ریلیف دی ے کے ہرہ اقدامات کر رہے ہیں جو اسماعد حالات میں ممکن ہیں جبکہ معاشی ریٹ گ کے حوالے سے پ اور موڈیز جیسی عالمی اتیج سیاں بھی ثوم کو اچھی تصویر دکھا رہی ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اسب کے باوجود عوام اب بھی مہنگائی کی چکی میں بری طرح پس رہے ہیں اور عام آدمی کیلئے تےفس کا رشتہ قائم رکھ اعملاً مشکل ہو چکا ہے' بہی وجہ ہے کہ لوگوں میں خودکشی کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ اگر عالمی اتیج سیوں کے مطابق پاکستان کی معیشت بہتر ہو رہی ہے اور وزیراعظم کے بقول حکومتی معاشی اور مالیاتی ٹیم کی محنت سے معیشت میں استہام آ رہا ہے تو اس بہتر ہوتی معیشت کے ثمرات عوام کو کیوں ظہر ہیں آ رہے۔ بدتری مہنگائی اپ سے بے رحم پ سے گاڑے ہوئے ہیں اور عام آدمی کیلئے دووقت کی روٹی کا حصول اب بھی وبال جاب اہوا ہے۔ بالخصوص بجلی کے بلوں میں ریلیف دی ے کے باوجود صارفی کو ساڑھے 300 یوٹ تک کا بل پ درہ سے بیں ہزار روپے کا موصول ہو رہا ہے۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ میٹر کا کرایہ بھی ڈھائی سو سے بڑھا کر ایک ہزار روپے کر دیا گیا ہے۔ بجلی کا کٹ لیتے وقت صارف میٹر اپ کی جیب سے خریدتا ہے مگر بل کی عدم ادائیگی پر کٹ کش کاٹ دے کے میٹر بھی اتار کر نکال کر لیا جاتا ہے جو سراسر غیر قانو نی اقدام ہے۔ اس وقت بدتری مہنگائی اور حکومتی معاشی پالیسیوں کے باعث عوام کی جو درگت بں ہو چکی ہے' وہ اتحادی حکمراں کیلئے لمحہ فکریہ ہوی چاہیے۔ حکومت عالمی اتیج سیوں کی رپورٹ پر بغلیں بجانے کے بجائے زمی ی حقائق کا ادراک کرے اور عوام کو مشکلات کو کم کرے کے جو بھی اقدامات ممکن ہیں' انہیں فوری بروئے کار لایا جائے۔

جب وہ دن آئیگا

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

ہے۔ یہی انسان خود کو کامیاب اور شہرت کی سند پر بیٹھانے کے لیے اپنے الفاظ اور دلا کل کے زور پر بڑے بڑوں کو اپنا ذہنی غلام بنا لیتا ہے۔ اپنے علم اور لفاظی کے زور پر تمام لوگوں کو اپنا ہمِ رفکار بنا لیتا ہے مگتہ آرائیں اور سخن سنجیوں سے ایک زمانے کا دل موہ لیتا ہے

۔ اسی طرح آج کے نام نہاد صوفی یا ہچہ میں زمرہ اپے موتیوں کی تسبیح ے کر گلے میں ما لا پہن کر سر پر تاج رکھ کر تصوف کی کوئی مستند جا کر کفر و عقیدہ لوگوں کی عقیدتوں کا ساکر بن جا تا ہے۔ اور پھر لوگوں کے جذبات کشید کرتا ہے ۔ ریٹائر عہا اور تھا میں دلہا یا جز زادہ بن کر اپنے ترخرید غلام مریدوں کے بل بوتے پر اپنا روحانی سکہ جماتا ہے۔ گفتگو اور الفاظ کی چاشنی سے سادہ لوگوں کا دل لبھا تا ہے دنیا سے معدومی بے نیازی کا راگ الاپ کر نامو ہنی سے لوگوں کی دولت کو بٹور کرتا ہے بھی ظلم ہا رے سیاسی لیڈر کرتے ہیں ایک تیز چالاک آدمی اس عوام کش نظام میں پسے ہوئے غریب عوام کی معاشی مجبوریوں کا فائدہ اٹھا تے ہوئے سیاست کے میدان میں قدم رکھتا ہے دن رات اپنا لگا ہچاڑ بچاڑ کر اپنی پاکیزگی سچائی اور انسان دوستی کا یقین دلاتا ہے لوگوں کی اکثر کے اپنا سب بچھا اپنے منشن اور عوام کی فلاح کے لیے لاد ینے کا اعلان کرتا ہے اپنی ذات کو موٹ اور اسمبلی میں جا کر لوٹ مار کا لائسنس لینے کے لیے دن رات ایک کر دیتا ہے چلاوہ بن کر پورے علاقے میں گھومتا ہے عوام کو یہ یقین دلا رہا ہے کہ موجودہ دور کا مسیحا اور خدمت خلق کا کوئی عملی نمونہ ہے تو یہ ہے سیاست اور اقتدار سے نفرت اور عوام سے حقیقی محبت کے دعوے اور قسمیں کھا تا ہے ایسے سیاسی لیڈر کے ڈراموں اور لفاظی سے متاثر ہو کر ہزاروں لوگ جوش عقیدت میں اس کو اپنی آنکھوں پر بٹھاتے ہیں اس کے ہاتھ پا ؤں میں کی طرح جڑ جاتے ہیں کہ یہی مسیحا ان کے پرانے خوابوں کو حقیقت کا روپ دے سکتا ہے اس کے جھوٹے نعروں اور الفاظ کی مذہبی گھلاٹ کی طرح یہ عوام تشہیر کرتے ہیں ۔ سیاستدانوں کو اپنی امیدوں اور خوابوں کا مرکز ٹھہراتے ہیں اس کی جھوٹی قسموں اور کھوکھلے نعروں کا اعتبار کرتے ہیں اس منافق سیاستدا ن جو اپنی فیملی اور ذات کی پرستش اور لوٹ مار کے لیے کوشش کر رہا ہوتا ہے اس کی صورتی دل کے مندر میں سجا لیتے ہیں اپنے بیوی بچوں کا پیٹ کاٹ کر پارٹی فنڈ میں پیسے جمع کراتے ہیں بیئر جھنڈے خود بنا کر لگاتے ہیں اس کے دفتر کے چوں پر عقیدت کے پھول کھلے تھے وہ محبت احترام عقیدت اور خوشی کا اظہار کر رہی تھیں میرے سامنے بیٹا در یو نیورسٹی کی دو ذہو جوان طالبات بیٹھی تھیں ان کے گھروں میں بچپن سے بزرگوں کی عقیدت اور احترام کا ماحول تھا والدین کی بزرگوں سے عقیدت و احترام دیکھ کر ان کی فطرت اور مزاج میں بزرگوں اور اہل تصوف کی محبت عقیدت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی انہوں نے میری تصوف پر کتابیں پڑھیں تو مجھے بھی اللہ کا کوئی نیک بندہ سمجھ کر آئیں اور پھر جب دونوں بچیوں نے کہا کہ سر ہمارے سروں پر ہاتھ رکھ کر ہمیں دعا دیں سر یہ ہماری زندگی کے خوش قسمت ترین لمحات ہیں جب ہمیں آپ جیسے بزرگ اور نیک بندے کا دیدار اور صحبت نصیب ہوئی عقیدت کا فائدہ اٹھا اور اندرونی خوشی سے دونوں کے چہرے روشن تھے وہ اور بھی باتیں کر رہی تھیں لیکن مجھے بار بار اپنی حماقتیں کا جہاں گناہ سے ڈوقوبان، جھوٹ، سستیاں لوگوں سے سخت روپے اپنی ذات کو تریج دینا، مذہبی عبادات میں سستی اور بہت سارے فرائض سے کوتا ہیاں یاد آ رہی تھیں اپنی ذات کے کنوز پیلو پانی اور درد کی صورت میری آنکھوں میں نمی بن کر تیرنے لگی صبح سے شام تک اپنی حما قتوں کا ختم ہونے والا سلسلہ یاد آنے لگا کہ میں مشت غبار جو حماقتوں گناہوں کا پلندہ ہوں اس سو ہنے رب کا کمال دیکھیں کہ نا فرمانیوں کی لمبی داستان کے باوجود وہ مجھے بھی رد یے جا رہا ہے لوگوں کے دلوں کو مسخر کیے جا رہا ہے۔ ان بچیوں کو تو میں نے ٹوٹی پھوٹی دعائیں دے کر رخصت کر دیا لیکن اس کے ساتھ ہی مجھے بلین عزیز کے کروڑوں عقیدت مند اور پیروکار یاد آ گئے جو دن رات ہمارے جیسے بیرون فقیروں، سیاستدانوں اداکاروں قلم کاروں دانشوروں مذہبی راہنماں خطیبوں شاعروں مفکروں کو کردار کے ہالیہ کھچے کر ان کی عقیدت کرتے ہیں موجودہ دور بلا شبہ دیت پرستی اور خود پرستی کے سمندر میں غرق ہے پنکا ہے انسان اس مشینی دور میں اندھا دھند اس تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے کہ وہ اپنی ذات کا محاسبہ یا پیچھے مڑ کر نہیں دیکھتا۔ انسان خدا کی عنایت کے بجائے ساری ترقی اور کامیابی کا اپنی ذاتی خوبی کا نتیجہ گردانتا ہے اس کے دونوں بچیوں کی عقیدت کے پھول کھلے تھے وہ محبت احترام عقیدت اور خوشی کا اظہار کر رہی تھیں میرے سامنے بیٹا در یو نیورسٹی کی دو ذہو جوان طالبات بیٹھی تھیں ان کے گھروں میں بچپن سے بزرگوں کی عقیدت اور احترام کا ماحول تھا والدین کی بزرگوں سے عقیدت و احترام دیکھ کر ان کی فطرت اور مزاج میں بزرگوں اور اہل تصوف کی محبت عقیدت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی انہوں نے میری تصوف پر کتابیں پڑھیں تو مجھے بھی اللہ کا کوئی نیک بندہ سمجھ کر آئیں اور پھر جب دونوں بچیوں نے کہا کہ سر ہمارے سروں پر ہاتھ رکھ کر ہمیں دعا دیں سر یہ ہماری زندگی کے خوش قسمت ترین لمحات ہیں جب ہمیں آپ جیسے بزرگ اور نیک بندے کا دیدار اور صحبت نصیب ہوئی عقیدت کا فائدہ اٹھا اور اندرونی خوشی سے دونوں کے چہرے روشن تھے وہ اور بھی باتیں کر رہی تھیں لیکن مجھے بار بار اپنی حماقتیں کا جہاں گناہ سے ڈوقوبان، جھوٹ، سستیاں لوگوں سے سخت رویے اپنی ذات کو تریج دینا، مذہبی عبادات میں سستی اور بہت سارے فرائض سے کوتا ہیاں یاد آ رہی تھیں اپنی ذات کے کنوز پیلو پانی اور درد کی صورت میری آنکھوں میں نمی بن کر تیرنے لگی صبح سے شام تک اپنی حما قتوں کا ختم ہونے والا سلسلہ یاد آنے لگا کہ میں مشت غبار جو حماقتوں گناہوں کا پلندہ ہوں اس سو ہنے رب کا کمال دیکھیں کہ نا فرمانیوں کی لمبی داستان کے باوجود وہ مجھے بھی رد یے جا رہا ہے لوگوں کے دلوں کو مسخر کیے جا رہا ہے۔ ان بچیوں کو تو میں نے ٹوٹی پھوٹی دعائیں دے کر رخصت کر دیا لیکن اس کے ساتھ ہی مجھے بلین عزیز کے کروڑوں عقیدت مند اور پیروکار یاد آ گئے جو دن رات ہمارے جیسے بیرون فقیروں، سیاستدانوں اداکاروں قلم کاروں دانشوروں مذہبی راہنماں خطیبوں شاعروں مفکروں کو کردار کے ہالیہ کھچے کر ان کی عقیدت کرتے ہیں موجودہ دور بلا شبہ دیت پرستی اور خود پرستی کے سمندر میں غرق ہے پنکا ہے انسان اس مشینی دور میں اندھا دھند اس تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے کہ وہ اپنی ذات کا محاسبہ یا پیچھے مڑ کر نہیں دیکھتا۔ انسان خدا کی عنایت کے بجائے ساری ترقی اور کامیابی کا اپنی ذاتی خوبی کا نتیجہ گردانتا ہے اس کے

سلائی مشین ہر دور کی ضرورت

تحریر مسلم الدارم

انسان کی شخصیت بنانے میں لباس کو خاص اہمیت حاصل ہے ۔ انسان نے کپڑے کے لباس پہننے کے ثبوت ایک لاکھ بیس ہزار سال قبل مراکش کے ایک غار سے انسانی لباس کی تیاری کے حوالہ سے ابتدائی ثبوت ملتے ہیں۔ سادہ لباس کی تیاری میں ابتدا میں چمڑے اور جانوروں کی کھال استعمال کر کے مکمل طور پر لباس

بنایا جاتا تھا مگر وقت گزرتے گزرتے لوگوں نے اس پر کام کیا اور پھر لباس بنانے کے لیے مشینری ایجاد ہوئی۔ ایلس ہولے امریکہ کا ایک معمولی کاریگر تھا مگر اس نے دنیا کو ایسی سلائی مشن دی جس نے کپڑے کی تیاری میں ایک انقلاب برپا کر دیا۔ سلائی مشین 1845ء میں ایجاد کی گئی۔ ایلس ہولے نے جو مشین بنائی اس کی سوئی میں دھاگہ ڈالنے کے لیے سوئی کی جڑ کی طرف چھید ہوتا تھا جو کہ عام طور پر تھا کی سوئیوں میں ہوتا ہے۔ ایلس نے جو مشین ایجاد کی اس سے صرف جوتے ہی سی سکتے تھے۔ کپڑے سینے کے لیے سلائی مشین اس کے بعد تیار ہوئی۔ اگر ماضی میں دیکھا جائے تو انسان ہزاروں برس تک سوئی کی جڑ میں چھید کر کے لباس تیار کرتا مگر سلائی مشین کی ایجاد کے بعد بہت سارے لوگوں کا روزگار بڑھا اور مزید کاریگر تیار ہوئے ۔ ابتدا میں لوہے کے پرزوں کو جوڑ کر کی مشین تیار کی جاتی اور اس کے بعد اسے لکڑی کے ڈبے میں سیٹ کیا جاتا اور پھر مرد خواتین اسے نہ صرف چلانے کا طریقہ کار سیکھتی بلکہ اس کے ذریعے مختلف مسائل کے حوالے سے بھی علم حاصل کرتی اور یہ علم زیادہ تر اداروں کی بجائے گھروں پر ہوتا۔ مرد خواتین سے سیکھا جاتا جو خود ہی سلائی مشین چلاتے اور سلائی مشین کی تکنیک ہوتیں۔ مشین میں چھوٹا موٹا مسئلہ ہوتا تو سلائی مشین میں تیل لا کر دھوپ میں رکھنے کی بھی نصیحت کی جاتی۔ یہ سلائی مشین کے لیے خاص تیل ہوتا ہے اور اس کے ڈالنے سے پرزوں میں جان آ جاتی ہے۔ ابتدا میں جاتھ والی سلائی مشین، اس کے بعد پیڈل سے چلنے والی سلائی مشین ایجاد ہوئی اور پھر بجلی سے چلنے والی سلائی مشینیں بنی شروع ہو گئیں۔ آج کل تو جوکی مشین جو سگر کمپنی کی ہے اس سے کشیدوں کا کام منٹوں میں ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ساری سلائی مشینیں جو کسی توانائی سے چلتی ہیں ایجاد ہو گئیں۔ اس وقت دنیا میں 200 سے زائد اقسام کی سلائی مشینیں استعمال ہو رہی ہیں جو گھریلو سطح پر اور صنعتی سطح پر استعمال ہو رہی ہیں۔ اس کے علاوہ جانے نہ جانے ہمیشہ سے ہر چیز میں جدت اختیار کی اور جانے نہ جانے پچوں کے کھلونوں میں بھی سلائی مشین متعارف کروا دی۔ ماضی میں اگر دیکھیں تو جس خاتون خانہ کو سلائی آتی ، اسے نہایت ہنر مند سمجھا جاتا تھا۔ بلکہ خاتون خانہ گھر کے صحن سوہے کام سمیٹ کر ایک چٹائی بچھا کر کڑھائی کی چوکی لے کر سلائی مشین کو

باقاعدہ وہیں پر سیٹ کر کے بٹھا جاتی اور ارد گرد کی خواتین اس سے صلاح مشورے لیے آتی اور محلے کی خواتین کپڑے سلوانے ، کپڑوں کی کٹائی کروانے بلکہ جدید ڈیزائن بنوانے کے لے صلاح مشورہ لیتی تھی اور اس کی باتوں پر عمل بھی کرتی تھی۔ اکثر اوقات مشین کی فری اور سلائی مشین کی سوئیوں کا آپس میں ضرورت کے تحت تبادلہ بھی کر لیا جاتا۔ محلے اور دیہاتوں میں عام طور پر بچیوں کو سلائی سکھانے لے سلائی سینٹرز بھی ہوتے تھے۔ اس دور میں خواتین جو محلے میں سلائی کرتی تھی ان کے گھر پر بھیجا جاتا اور پھر ان خواتین کی سیوا کی جاتی۔ اس کے ساتھ سلائی مشین یعنی کپڑے سینے کا کاروبار صرف عورتیں نہیں بلکہ مرد بھی کرتے اور عرصہ دراز سے کرتے آ رہے ہیں بلکہ ابتدا بھی مردوں سے ہی ہوئی لیکن مرد جو سلائی کرتے ہیں ان کو درزی، ٹیلر یا بابو کہا جاتا ہے اور احترام کا درجہ دیا جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں اگر دیکھا جائے تو مرد درزی کو معاوضہ بھی زیادہ ادا کیا جاتا ہے جبکہ خاتون درزن کو معاوضہ کم دیا جاتا ہے ۔ کچھ عرصہ قبل تک تو سلائی مشین قسطوں پر بھی حاصل کی جاتی تھی اور دیہاتوں میں عام طور پر دودھ جمع کرنا کوئی جانور بیچ کر بیٹیوں کو جہیز میں سلائی مشین ضروری جانی تھی یعنی سلائی مشین کا روبار



بھی ، روزگار بھی ہے ، ہنر بھی ہے ، سلیقہ مندی بھی ہے اور ہر گھر کی ضرورت بھی ہے۔ سلائی مشین ایک ایسی مشین ہے جو تقریباً ہر گھر میں استعمال ہوتی ہے اور اگر اب تک گھر میں موجود نہ ہو تو ارد گرد کے ہمسائے کے گھر میں موجود ہو تو ارد گرد کے کپڑوں کی مرمت کے لیے گزارا کیا جاتا ہے ۔ سلائی مشین گھریلو استعمال کی پہلی شے ہے جو خریداری کے نظام کے تحت بڑی تعداد میں فروخت ہوئی ۔ فلاحی ادارے بھی لوگوں کو ہر سرورڈ کارن.....

☆☆☆☆☆☆☆

SHOWBIZ شوبز

اداکار وجیکو لین فرنانڈیز نے منفی خبروں پر بالآخر خاموشی توڑ دی

میرا خدا پر مضبوط یقین اور بھروسہ ہے، جس سے مجھے طاقت اور سکون ملتا ہے

ممبئی (این این آئی) ہالی وڈ کی معروف اداکارہ جیکلین فرنانڈیز نے میڈیا اور سوشل میڈیا پر اپنے متعلق پھیلائی گئیں منفی خبروں پر بالآخر خاموشی توڑ دی۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں جیکلین فرنانڈیز نے اپنے خلاف پروپیگنڈے پر کھل کر بات کی اور بتایا کہ وہ اس کا مقابلہ کیسے کر رہی ہیں۔ ہالی وڈ اداکارہ کا کہنا تھا کہ شہرت اور منفی چیزیں ہمیشہ موجود رہتی ہیں لیکن جس چیز نے میری سب سے زیادہ مدد کی وہ اس کی ضرورت رہتی ہے اور یہ کہنا کہ یہ ایک وہم ہے جس کا ہم سب کو سامنا ہے۔

میں اور انھیشیک روزانہ لڑتے ہیں، ایشوریا رائے کا انکشاف

اگر ہمارے درمیان روزانہ کی نوک جھوک نہ ہو تو ہمارا رشتہ واقعی میں بورنگ ہو جائے گا

ممبئی (این این آئی) ہالی وڈ کی اسٹار جوڑی ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے نے اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق اہم انکشاف کر دیا۔ ایشوریا رائے نے ابھیشیک بچن کی شادی کو 11 سال ہو چکے ہیں لیکن ان بارے میں بہت کم ہی جانتے ہوں گے کہ یہ اسٹار جوڑی اپنی شادی کے ابتدائی دنوں میں آپس میں بہت زیادہ لڑائی کرتی تھی۔ بھارتی میڈیا پر ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے کا نازک رشتہ وائرل ہو رہا ہے جو اس جوڑی نے اپنی شادی کے ابتدائی سالوں میں دیا تھا۔ سال 2010ء میں، ایک انٹرویو کے دوران، ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے بچن سے پوچھا گیا تھا کہ آپ دونوں آپس میں کیسے ہیں کیا ایک بیٹے میں بچی کی پرائز کی؟ اس کے جواب میں ایشوریا رائے نے کہا تھا کہ ہم ہر روز لڑتے ہیں، یہی کے جواب کی وضاحت دیتے ہوئے ابھیشیک بچن نے کہا تھا کہ ہماری لڑائی عقیدہ بھی ہوتی ہے کہ ہمارے درمیان چھوٹی چھوٹی باتوں پر اختلافات اور روزانہ کی نوک جھوک رہتی ہے۔

مولی شیخ کی تاہل گانے پر پرفارم کرنے کی ویڈیو وائرل

شوبز شخصیات نے مولی شیخ اور حسن رضوی کے انداز کی بھی تعریفیں کیں

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار جاوید شیخ کی صاحبزادی مولی شیخ کی شادی آرٹسٹ حسن رضوی کے ساتھ حال ہی میں پروڈاس کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ مولی شیخ اور حسن رضوی نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں اپنے آرٹس کو ڈنگ کھا بجگ ان ویڈیو سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر وائرل ہو رہی ہے۔ ویڈیو میں مولی شیخ اور حسن رضوی گھر کی چھت پر رقص کر رہے ہیں۔

سلمان خان کے باڈی گارڈ شیرا نے ڈیڑھ کروڑ کی لگژری کار خرید لی

199 سے سلو بھائی کے باڈی گارڈ ہیں، انٹرنیشنل لوورز میں بھی وہ سلمان خان کیساتھ ہوتے ہیں

ممبئی (این این آئی) ہالی وڈ سپر اسٹار سلمان خان کے باڈی گارڈ شیرا نے حال ہی میں اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنے نئے غریدی کی تاہی رنج روور کار کی تصویر شیئر کی۔ بتایا جاتا ہے کہ شیرا نے یہ قیمتی کار ایک کروڑ چالیس لاکھ (بھارتی روپے) میں خریدی ہے۔ واضح رہے کہ شیرا کو سلمان خان کے ساتھ اکثر قریبی تعلقات کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔ باوجود اسکے کہ شیرا اپنی شہرت اور کامیابی کی وجہ سے خاصے مشہور ہیں لیکن پھر بھی انھوں نے خود کو سلمان خان کی حفاظت کیلئے وقف کر رکھا ہے۔

ڈرامے کے موضوعات میں تبدیلی کی ضرورت ہے، روبینہ اشرف

کراچی (آئی آئی پی) آرٹس کونسل کراچی میں کہانیوں پر مبنی مشترکہ تھیٹر کھیل پیش کیا گیا، کہانی میں حقیقت اور تصور اختراج پیش کیا گیا۔ یوں کہ ہوم پروڈکٹ اور 15 منٹ اس کے عنوان پر مبنی کھیل میں محبت، زندگی اور حقیقی لمحات کے ساتھ ساتھ تصوری دنیا کو پیش کیا گیا اداکار خالد احمد، کیف خورشید، اور فواد خان نے اپنی لاجواب پرفارمنس سے سامعین کو مبہوت کر دیا۔

محبت ہو تو ایسی، اداکارہ اروشی روٹیلا کے مداحوں نے تو حد کر دی

اروشی روٹیلا کی معمولی سی چوٹ پر مداحوں نے ایک لاکھ گلاب کے پھول بھیج دیئے

ممبئی (این این آئی) ہالی وڈ اداکارہ وہالی اروشی روٹیلا کی معمولی سی چوٹ پر مداحوں نے انہیں ایک لاکھ گلاب کے پھول بھیج دیے۔ گزشتہ دنوں اروشی روٹیلا نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنے زخمی ہاتھ کی ویڈیو پوسٹ کی تھی، مذکورہ ویڈیو میں اداکارہ کے ہاتھ کی انگلی سے خون بہہ رہا تھا اور وہ اسپتال میں موجود تھیں۔ اروشی روٹیلا نے اپنی پوسٹ میں مداحوں سے درخواست کی تھی کہ وہ ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کریں۔ اب اداکارہ نے ایک بار پھر سوشل میڈیا سرائیکن کو تبصرہ حاصل کرنے کے لیے انسٹاگرام پر اپنی چند تی تصاویر پوسٹ کی ہیں۔

انڈیا کے امیر ترین افراد کی لسٹ جاری، شاہ رخ خان پہلی بار شامل

بھارتی میڈیا نے اداکار کی مجموعی دولت کا تخمینہ تقریباً 7300 کروڑ روپے لگایا



ممبئی (این این آئی) ہالی وڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان 2024ء کی ہورون انڈیا کے امیر ترین افراد کی فہرست میں جگہ بنا لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 58 سال کی عمر میں اداکار کی مجموعی دولت کا تخمینہ تقریباً 7300 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ شاہ رخ خان کی اس فہرست میں شمولیت کا سب ان کی مختلف شعبوں میں کامیاب سرمایہ کاری سے ممکن ہوئی ہے جن میں فلمکنہ نائٹ رائیڈرز کرکٹ ٹیم اور پروڈکشن کمپنی ریڈ چلیز انٹرٹینمنٹ شامل ہیں۔ مالی کامیابی کے علاوہ، شاہ رخ خان کو سوشل میڈیا پر بھی سب سے زیادہ فالو کیا جانے والا شخص ہونے کا اعزاز حاصل ہے، جہاں ان کے ٹوئٹر پر 44 ملین فالوورز ہیں، یہ فہرست اس فہرست میں شامل تمام ارب پتیوں اور مشہور شخصیات سے زیادہ ہے۔

SPORTS سپورٹس

کیرمبئن پریمیئر لیگ میں کون سے کئی پاکستانی کرکٹرز ایکشن میں نظر آئیں گے

پورٹس ایکسپرٹ (این این آئی) بیسٹ انڈیز میں کھیلی جارہی لیگ 2 کیرمبئن پریمیئر لیگ (سی پی ایل) میں پاکستان کے بعض کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں جبکہ کچھ ایسے کھلاڑی بھی ہیں جنہیں پیشہ ورانہ مصروفیات کے باعث ہی ایل میں دستبردار ہونا پڑ رہا ہے۔ کیرمبئن پریمیئر لیگ کے اوپنر میں پاکستان کے بڑھتے کردار کو شرکت کر رہے ہیں جبکہ کچھ کھلاڑیوں کو بھی کیرمبئن ڈے کپ سیریز دیگر وجوہات کے باعث پی ایل سے دستبردار ہونا پڑ رہا ہے۔ سی پی ایل کا آغاز 3 اگست سے ہو چکا ہے

اور یہ 17 اکتوبر تک جاری رہے گی، میڈیا رپورٹس کے مطابق کرکٹر محمد حارم اور عاد وسیم ون ڈے کرکٹ سے ریٹائر ہو چکے ہیں لہٰذا وہ سی پی ایل کھیلنے کے لیے دستیاب ہوں گے ان کے علاوہ وکٹ کیپر و بیٹر اعظم خان بھی سی پی ایل کے پورے ایونٹ کے پورے دستیاب ہوں گے ۔ دوسری جانب، رواں ماہ ٹیسٹ آرمڈ میں چیمپئن ون ڈے کپ کا آغاز بھی ہو رہا ہے۔ اعظم خان کی ٹیسٹ میں ناکامی کے بعد چیمپئن ون ڈے کپ میں کسی بھی ٹیم میں شمولیت کا امکان کم ہیں۔

نیشنل گیمز میں شریک کھلاڑیوں کے ڈوپ ٹیسٹ کا فیصلہ

اولمپک ایسوسی ایشن نے کراچی میں 35 ویں قومی کھیلوں کے انعقاد کی منظوری دے دی

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے نیشنل گیمز میں شریک کھلاڑیوں کا ڈوپ ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ 35 ویں نیشنل گیمز کے انعقاد کے حوالے سے دارالحکمت سندھ سرداربہادر خان بھٹی ہاکی اسٹیڈیم میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے ساتھ اجلاس ہوا جس میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر سید عابد قادری، سیکرٹری جنرل محمد خالد محمود سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے کراچی میں 35 ویں قومی کھیلوں کے انعقاد کی منظوری دے دی اور اجلاس میں نیشنل گیمز کی اختتامی اور افتتاحی تقریب کے علیحدہ علیحدہ ایکشن پلان کو منظور کرنے سمیت شریک کھلاڑیوں کا ڈوپ ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کھیل محمد عامر نے کہا کہ نیشنل گیمز کا میاب بنانے کیلئے تمام تکنیکی اقدامات کے جائیں گے اور گیمز کی تاریخ ریلیز کے اختتام کیلئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو دعوت دیں گے۔ صدر پاکستان اولمپک سید عابد قادری نے اس موقع پر کہا کہ باہمی مشاورت سے نیشنل گیمز کی تاریخوں کا اعلان کیا

سیکیورٹی کی یقین دہانی ہو تو بھارت کو پاکستان جانا چاہیے، ہربھجن سنگھ

اگر ہمیں سیکیورٹی کی یقین دہانی نہیں کرائی جاتی تو ہم کو وہاں نہیں جانا چاہیے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق گیند باز ہربھجن سنگھ نے کہا ہے کہ سیکیورٹی کی یقین دہانی ہو تی ہے تو پاکستان جانا چاہیے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی چیئرمین جے شاہ نے بھارتی ٹیم کو پاکستان جانے کی کھلی مخالفت کر دی تھی۔ انہوں نے رائے دہندگی کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ کی جانب خیال ہے کہ ہمارے نقطہ نظر سے پاکستان جانے میں سیکیورٹی تحفظات رہے ہیں۔ ہربھجن سنگھ کا کہنا تھا کہ اگر ہمیں سیکیورٹی کی یقین دہانی نہیں کرائی جاتی تو ہم کو وہاں نہیں جانا چاہیے۔ اگر وہ ہماری ٹیم کو محفوظ سیکیورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرا تے ہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ خیال رہے کہ ہربھجن سنگھ نے اس سے قبل بھارتی ٹیم کے پاکستان جانے کی مکمل مخالفت کر دی تھی۔ تاہم اب انہوں نے رائے دہندگی کرتے ہوئے مکمل سیکیورٹی فراہم کرنے کی شرط رکھی ہے۔ دوسری طرف بھارتی کرکٹ بورڈ کی جانب اس حوالے سے ابھی کوئی باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

قذافی اسٹیڈیم، "ڈیمنگ رائٹس" 1 ارب میں فروخت

پی سی بی کا پنجاب کے پینک سے 5 سالہ معاہدے پر اتفاق ہو گیا

لاہور (این این آئی) قذافی اسٹیڈیم لاہور کے "ڈیمنگ رائٹس" ایک ارب روپے میں فروخت کر دیے گئے۔ پی سی بی کا پنجاب کے پینک سے 5 سالہ معاہدے پر اتفاق ہو گیا، اس سے قبل اتنی ہی مدت کیلئے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے حقوق 5 کروڑ روپے میں بیچے گئے تھے، یوں ان انتظامیہ وقتی رقم سے بڑی رقم کمانے میں کامیاب رہی۔ تفصیلات کے مطابق شیڈیم کو ہی ایل پاکستان کرکٹ بورڈ 2022 میں سابق چیئرمین رمیز راجہ کے دور میں نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے "ڈیمنگ رائٹس" 4 کروڑ روپے کے عوض بیچے گئے تھے۔

فیصل آباد میں انٹرنیشنل کرکٹ کروانے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی

اکتوبر میں انگلینڈ کے دورہ پاکستان کا ایک ٹیسٹ میچ فیصل آباد میں کروانے کی تیاری

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں شائقین کرکٹ کے لیے اچھی خبر سنائے آئی، پاکستان کرکٹ بورڈ نے اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں ان

بقیہ 1

کا مظہر ہے۔ سرگودھا یونیورسٹی کے سولر انرجی پراجیکٹ پر بات کرتے ہوئے وائس چانسلر نے بتایا کہ پوری یونیورسٹی کو سولر انرجی پر منتقل کر دیا گیا ہے جب کہ خود انحصاری کے دیگر منصوبوں پر بھی کام شروع کرنے جارہے ہیں۔ معیاری تعلیم کی فراہمی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس بہترین فیکلٹی موجود ہے جو طلبہ کے روشن مستقبل کیلئے کوشاں ہیں، طلبہ کو جدید تعلیم کی فراہمی کے علاوہ ان کو مارکیٹ کے تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتیں بھی فراہم کی جارہی ہیں تا کہ وہ پیشہ ورانہ زندگی میں کامیابیاں سمیٹ سکیں، اسی طرح وحید وائیں انکیوبیشن سنٹر طلبہ کے بزنس آئیڈیاز کو فروغ دینے کیلئے کام کر رہا ہے جس کی پزیرائی ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی جانب سے بھی کی گئی ہے۔ اس موقع پر کمشنر جہانزیب اعوان نے کہا کہ جامعہ سرگودھا کے تمام اقدامات اس ادارے کو ہر حوالے سے غیر معمولی بناتے ہیں اور اس کے مثالی نظم و ضبط پر وائس چانسلر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ کمشنر کا مزید کہنا تھا کہ سرگودھا یونیورسٹی خطے کی نوجوان نسل کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی کیلئے مثالی کردار ادا کر رہی ہے جبکہ سرگودھا یونیورسٹی کے گریجوایٹس وطن عزیز کے طول و عرض میں بے پناہ خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کمشنر نے وائس چانسلر کو اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ وہ سرگودھا یونیورسٹی کی فلاح و بہبود کیلئے ہمیشہ تعاون کو یقینی بنائیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان کو اعزازی شیلڈ بھی دی

بقیہ 2

جرائم سے پاک رکھنے کے لیے کئی نئے اقدامات کیے تحصیل چوآ سیدن شاہ میں آٹھ مختلف داخلی اور خارجی راستوں پر ناکے لگا دیے گئے اور تسلی بخش چیکنگ کی جارہی ہے میڈیا کی نشاندہی پر خطرناک ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور اس میں مزید سختی لائی جارہی ہے اور ایسے مکینک جو آرڈر پر اوور سپیڈ اور ون ویلنگ کے لیے موٹر سائیکل تیار کرتے ہیں تو ان کے خلاف سخت قانونی کاروائی کرواہی جارہی ہے خصوصاً جمعہ کے روز کیڈٹ کالج بائی پاس روڈ اور منہالہ بائی پاس روڈ عوامی شکایات پر پولیس اہلکار ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں جو بھی ون ویلنگ کرتا ہوا پولیس کے ہتھے چڑھ گیا اسے قانونی کاروائی کا سامنا ہوگا طالبات کو ہراساں کرنے کے سوال ایس ایچ او چوھدری صہیب ظفر کا کہنا تھا کہ بچوں طالبات کو ہراساں کرنے کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے وزیر اعلیٰ پنجاب آر پی او راولپنڈی اور ڈی پی او چکوال کی حراساں کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرنے کے لیے انتہائی سخت احکامات ہیں سکول کالج ٹائم طالبات کو ہراساں کرنے والے اوباش لڑکے جنہوں نے طالبات کا گھر سکول کالج تک پہنچنا اجیرن بنا رکھا ہے ان کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا عندیہ دیا سکول کالج ٹائم سیول کپڑوں میں سکول کالج کے آس پاس کڑی نگرانی کریں گے اور ایسے اوباش لڑکوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا جمعہ جمعرات کے روز بھیک کے نام کو نوجوانوں کو دعوت گناہ دینے والی خواتین کے خلاف ویگرینسی ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے جائیں گے۔ شہر میں بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکل اور لوڈر رکشے مختلف وارداتوں میں استعمال کیے جاتے ہیں ان کے خلاف بہت جلد آپریشن کرنے جارہے ہیں جن لوگوں کھلی جگہوں پر نامعلوم افراد کو جھونپڑیاں لگانے کی اجازت دے رکھی ہے اور تھانے میں ریکارڈ موجود نہ ہوا تو ان قانونی کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میری تعیناتی کے دوران ٹاؤٹ مافیا کا داخلہ بند رہے گا سائلین بلا جھجک اپنے مسائل بغیر کسی سفارش کے میرے پاس لیکر آئیں اگر کسی وجہ سے ملاقات نہیں ہو پارہی میرے وٹس ایپ نمبر پہ رابطہ کریں ٹاؤٹ مافیا کا یہی ذریعہ آمدنی ہوتا ہے جب عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کا معیار بہتر نہ ہو تو یہ مافیا متحرک ہو جاتے ہیں شام تین سے پانچ بجے تک براہ راست ملاقات کریں اور مسائل کی نشاندہی کریں انشاء انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے

بقیہ 3

ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 4

سلیم کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 5

علاقوں میں صفائی ستھرائی کا کام نہ ہونے پر علاقہ بھر سیوریج کے گندے پانی اور کوڑے کرکٹ کی لپیٹ میں کندھ کوٹ سیوریج کا گندا پانی جمع ہونے سے علاقہ مکینوں میں طرح طرح کی بیماریاں جنم لینے لگی۔ کندھ کوٹ شہر میں بڑھتی ہوئی گندگی کی وجہ سے ملیریا۔ سمیت مختلف امراض تیزی سے پھیلنے لگے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی میں کام کرنے والا اسفید پوش عملہ 500 سے زائد بھرتی ہے وہ صرف گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کرنے لگے۔ کندھ کوٹ میونسپل کمیٹی کے ایڈمنسٹر اور چیف سینٹری انسپکٹر کی ملی بھگت سے سفید پوش صفائی کرنے والے ملازمین سے ہر ماہ پیسے لے کر انہیں ویزا پر چھوڑا ہوا ہے شہر کو گندگی کے حوالے کر دیا گیا ہے کروڑوں روپے کا بجٹ جعلی مشینری کے تیل۔ اور ڈھیروں۔ بوگس۔ ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں ہڑپ کیا جارہا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں۔ کندھ کوٹ کے شہریوں نے وزیر اعلیٰ سندھ۔ بلدیاتی سیکریٹری۔ نیب سکھر۔ ڈپٹی کمشنر کشمور سمیت دیگر حکام سے میونسپل کمیٹی میں چلنے والی کرپشن صفائی کا کام نہ ہونے کا نوٹس لے کر ملوث سی ایم او۔ ایڈمنسٹر اور چیف سینٹری انسپکٹر کے خلاف کاروائی کر کے شہر میں بڑھتی ہوئی گندگی اور سیوریج کے گندے پانی اور گندگی کو ہٹانے کے کام کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 6

تھے آج ہم سارا دن صبح سے لیکر دو پہر تک بیٹھے رہے غریب بیوہ بوڑھی عورتیں بوڑھے مرد بھوک سے نڈھال تنخواہ کے انتظار میں سارا دن انتظار کرتے رہے مگر نا تو سیپکو کی انتظامیہ کو ترس آتا ہے نا تو بینک والوں کو خیال ہوتا ہے کہ کوئی بیمار ہو کسی کو ڈاکٹر کو دکھانا ہے کسی کو قرضہ واپس دینا ہے کسی کو بغیر تنخواہ کے گھر جانا ہے اس کو واپسی کا کرایہ بھی ہے کہ نہیں مذید ملازمین نے کہا کہ ہم فنانس ڈائریکٹر شکر، ایگزیکٹو چیف انجینئر سعید احمد ڈاوچ سکر، ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل اعجاز احمد چنہ، سپرینٹنڈنٹ انجنیئر پرویز احمد پھل پوٹو، انجنیئر سیپکو کندھ کوٹ اور صدر پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین عبدالطیف نظامانی اور پاکستان واپڈا ایمپلائی ایسوسی ایشن پنشنرز رجسٹرڈ سیپکو سکر سے اپیل کی ہے کہ کندھ کوٹ کے ریٹائرڈ ملازمین کے ساتھ انصاف کیا جائے اور آکاؤنٹنٹ کے خلاف انکوائری کروائی جائے اور اس کا ڈویژن کندھ کوٹ سے تبادلہ کیا جائے بینک مینیجر یو بی ایل کے خلاف ایکشن لیا جائے تا کہ آگے ریٹائرڈ ملازمین کو سہولت فراہم ہو سکے

بقیہ 7

کی کارکردگی کو سراہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین فریضہ ہے جس کے لیے راولپنڈی پولیس ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 8

دیا ہے۔ آفس میمورنڈم کے مطابق وفاقی حکومت کے دائرہ اختیار میں آنے والے وفاقی اداروں کے سرکاری ملازمین بغیر اجازت کوئی میڈیا پلیٹ فارم استعمال نہیں کرسکیں گے۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سرکاری معلومات و دستاویزات افشا ہونے سے روکنے کیلئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ آفس میمورنڈم میں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے سرکاری ملازمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ گورنمنٹ سرونٹس (کنڈکٹ) رولز 1964 کی پاسداری کریں اور بغیر اجازت فیس بک، ٹویٹر سمیت سوشل میڈیا کی کوئی بھی ایپلی کیشن استعمال نہیں کرسکیں گے اور سرکاری ملازمین گورنمنٹ سرونٹس رولز 1964 پر عمل درآمد کریں۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سرکاری ملازم بغیر اجازت سوشل میڈیا پر اظہار رائے یا بیان بازی نہیں کرسکتا۔ ہدایات کی خلاف ورزی پر سرکاری ملازم کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 9

پیٹرولیم مصنوعات کے استعمال کا 20 فیصد ہے، اسمگلنگ کے باعث پیٹرول ڈیزل کی فروخت میں 5 فیصد کمی ہوئی، اسمگل شدہ آئل اب اسلام آباد، راولپنڈی اور پشاور تک میں فروخت ہو رہا ہے، اسمگلنگ سے قومی خزانے کو سالانہ ایک ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے، آئل اسمگلنگ ممکنہ غیر ملکی سرمایہ کاری کو بھی متاثر کرے گی۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل نے حکومت سے فوری ٹھوس اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 10

قریبی کی پوائنٹ سے ایمبولنس سروس جائے حادثہ کی طرف روانہ کردی ہر بروقت رسپانس کرتے ہوئے سین اسیسمنٹ کے بعد مریض کی حالت کو جانچا گیا لیکن مریض میں زندگی کی علامات موجود نہیں تھی، مریض کی پہچان 70 سالہ محمد خان ولد نور خان جو کہ سر کی شدید چوٹ کے باعث موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جب کہ ساتھ سوار 80 سالہ خاتون کو پاؤں پر چوٹیں اور ہاتھ فریکچر تھا، ریسکیو 1122 نے ڈیڈ باڈی اور متاثرہ مریضہ کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال منتقل کر دیا، تیز رفتار کیری وین جو کہ راولپنڈی سے چکوال کی جانب آرہی تھی اور موٹر سائیکل سوار یوٹرن لے رہا تھا بے احتیاطی کی وجہ سے دونوں میں تصادم ہوا جس کی وجہ سے یہ حادثہ پیش آیا۔

بقیہ 11

میں اسٹیک ہولڈرز انرجی پلان پر منعقد ورکشاپ سے اپنے اہم خطاب میں کیا۔ ورکشاپ میں صنعت کے ماہرین، سرکاری افسران اور سٹیک ہولڈرز شریک ہوئے۔ جس کا مقصد ملک کے توانائی کے شعبے کو درپیش اہم چیلنجوں اور پائیدار اور سستی توانائی کے حل کی فوری ضرورت پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر احسن اقبال نے پاکستان کو اس وقت توانائی کے شعبے در پیش اہم چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کو ایک مستحکم اور جدید معیشت کے قیام کے لیے سستی اور گرین انرجی کے حل کی طرف منتقل کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے ماضی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایک وقت تھا جب پاکستان کی بجلی کی پیداوار کا تقریباً 70 فیصد دریاؤں سے پن بجلی پر انحصار کرتا تھا تاہم وقت گزرنے کے ساتھ ملک کی معیشت اور توانائی کا بنیادی ڈھانچہ تیل پر مبنی ایندھن کی طرف منتقل ہو گیا جس سے پاکستان تیل کی عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا شکار ہوگیا۔ انہوں نے 1990 کی دہائی کے دوران آئی پی پیز کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کا حوالہ دیا جس نے توانائی کے نظام کو تیل پر مبنی ایندھن پر منتقل کیا۔ جیسے ہی عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئیں، پاکستان کو تیل کی درآمد کی زیادہ لاگت کی وجہ سے اپنے توانائی کے پلانٹس کو چلانے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑ گیا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ وژن 2010 میں اس بات کی نشاندہی کی گئی تھی کہ 2006 تک پاکستان کو بجلی کی اضافی ضرورت ہوگی

بقیہ 12

چھری، واہ کینٹ پولیس نے ملزم شفاقت سے 01 رائفل 12 بور، چکری پولیس نے ملزم سعید اقبال سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 13

سے نکالا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اشرافیہ کے مراعات میں آئے روز اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہتے مظاہرین پر پولیس گردی قبول نہیں، گرفتار مظاہرین کو فوری رہا کیا جائے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ کفایت شعاری کرنی ہے تو غریب کے چولہے نہ بجھائیں۔

بقیہ 14

اور اخراجات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف ایکشن اور حکومت پنجاب کے مختلف جاری انیشیٹوز بارے بھی بریفنگ دی۔ کمشنر نے حکومت پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع کونسل اور میونسپل کارپوریشن کے افسران کی مشترکہ اتھارٹی بنا کر دستیاب فنڈز کو عوامی بہبود کے اقدامات پر خرچ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ بریفنگ اجلاس میں ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ملک آصف اقبال بھی موجود تھے۔

بقیہ 15

کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ جہانزیب اعوان نے ایک پریس کانفرنس میں پوزیشن ہولڈرز کے ناموں کا اعلان کیا پوزیشن ہولڈرز میں تقسیم انعامات کی تقریب کل صبح 10 بجے پر بورڈ دفتر میں ہوگی امتحان میں مجموعی طور پر 25 پوزیشنز میں سے طالبات نے 13 اور طلبہ نے 12 پوزیشن حاصل کیں ہیں۔ کمشنر و چیئرمین جہانزیب اعوان کی نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء طالبات کو مبارکباد والدین اور اساتذہ کو بھی مبارک باد، کمشنر سیکرٹری ابوالحسن نقوی اور کنٹرولر امتحانات ریاض قدیر بھٹی بھی ہمراہ

بقیہ 16

مقابلہ جات منعقد ہوئے ہر کیٹگری میں اول آنے والے طلباء و طالبات 04 ستمبر کو لاہور صوبائی مقابلہ میں حصہ لیں گے۔ کیٹگری 1۔ 15 سال سے کم عمر نعت خواں لڑکوں میں اول پوزیشن عبدالرحمان ولد محمد شفیع نے حاصل کی۔ کیٹگری 2۔ 15 سے کم عمر نعت خواں لڑکیوں میں اول پوزیشن جبیبہ بتول دختر حسنین عباس نے حاصل کی۔ کیٹگری 3۔ 15 سے 25 سال کے نعت خواں مردوں میں اول پوزیشن حافظ محمد وقاص ولد محمد آصف اور محمد رمضان ولد عبدالستار نے حاصل کی۔ کیٹگری 4۔ 15 سال سے 25 سال کے نعت خواں خواتین میں اول پوزیشن اسوہ ریاض دختر محمد ریاض نے حاصل کی۔ آخر میں مولانا قاری وقار احمد عثمانی نے اول، دوئم اور سوئم آنے والے طلباء و طالبات کو تعریفی اسناد اور انعامات تقسیم کئے۔

بقیہ 17

چرس برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ملزم عرفان سے 01 کلو 520 گرام چرس برآمد کی، بنی پولیس نے ملزم عثمان سے 550 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ 18

تو وہ جھنڈے کی بے حرمتی کرتے ہیں۔ محمد دانیال نے کہا کہ افغانی باشندے 80 کی دہائی میں یہاں آئے اور یہاں سیٹل ہوئے، خاص طور پر افغانیوں کا ایشو پورا پاکستان فیس کر رہا ہے، جو چیز کراچی میں ہوتی ہے، وہ پورے سندھ میں ہوتی ہے۔ فوزیہ حمید نے کہا کہ ہیر سوہو کی تحریک کو سپورٹ کرتی ہوں، غیر قانونی جو اس ملک، اس صوبے میں آیا ہے اس کو واپس جانا چاہیے۔ ماروی راشدی نے کہا کہ نادرا غیر قانونی مہاجرین کو شناختی کارڈ جاری کرتا ہے۔ ماروی راشدی کی تقریر کے دوران اپوزیشن کی جانب سے شور شرابہ کیا گیا۔ جس پر ماروی راشدی نے کہا کہ اپوزیشن کا یہ روز کا معمول بن چکا ہے، ان کو سستی شہرت چاہیے، مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ میں نے کس کی دم پر ہاتھ رکھ دیا؟ لفظ مہاجر استعمال کرنے پر ایم کیو ایم کے اراکین کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔ پیپلز پارٹی کی رکن ماروی راشدی نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ میں نے غیر قانونی مہاجرین کی بات کی تھی، کسی غیر قانونی شخص کو صوبے میں رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، پوری دنیا میں غیر قانونی لوگوں پر سخت پالیسیاں اور قانون بنتے ہیں۔

بقیہ 19

جائے، باہمی احترام سے ہی ملک آگے بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ 8 ستمبر کا جلسہ پی ٹی آئی کا حق ہے، اس میں کسی صورت رکاوٹ نہیں ڈالنی چاہیے، کوئی مانے یا نا مانے پی ٹی آئی اس ملک کی حقیقت ہے اور پی ٹی آئی کی بات کیے بغیر ملک میں استحکام نہیں آسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی آکسفورڈ یونیورسٹی کا الیکشن لڑ رہے ہیں اور یہ پاکستان کے لیے عزت کی بات ہے کہ کوئی شخص یہ کام کر رہا ہے، آکسفورڈ الیکشن کے خلاف بولنے والے تنگ نظری کا مظاہرہ کر رہے ہیں، آکسفورڈ الیکشن کو سیاسی جماعت سے ہٹ کر دیکھنا چاہیے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مائنس عمران خان، پی ٹی آئی کبھی نہیں ہو سکتی، آج تک مائنس کے جتنے فارمولے لائے گئے سب ناکام ہوئے، نہ بھٹو کبھی پیپلز پارٹی سے مائنس ہوا اور نہ نواز شریف (ن) لیگ سے مائنس ہوسکا، اسی طرح بانی پی ٹی آئی بھی مائنس نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک سیاسی حقیقت ہے چاہے کسی کو پسند آئے یا نہ آئے، تحریک انصاف کا وجود عمران خان سے ہے، مائنس پی ٹی آئی کی بات کرنے والوں کی عقل پر حیرانی ہوتی ہے، آج آپ کے دوست ممالک کیا پیغام دے رہے ہیں اس کو سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے جو واقعات ہوئے ہیں وہ افسوسناک ہیں، بلوچستان کے مسائل کا حل صرف بات چیت ہے، اس بیان سے ادارک ہوتا ہے کہ انہیں مسائل کا اندازہ ہی نہیں ہے۔ وائس چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ برسوں سے چلتا آرہا ہے، مسائل دیکھ کر کہا جاسکتا ہے کہ بلوچستان میں ریاستی پالیسی درست نہیں ہے، میں وزیر خارجہ رہا ہوں مجھے بہت سی باتوں کا علم ہے، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی وجہ سے بہت سی باتیں نہیں بتا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ تمام جماعتیں اس ڈیبیٹ میں اپنی رائے دیں، میرا مطالبہ ہے کہ بلوچستان کے مسئلے پر ایک فل ڈیبیٹ ہونی چاہیے۔

بقیہ 20

امن کمیٹی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے جلوس روٹ کا معائنہ کیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ جلوس کو فول پروف سکیورٹی مہیا کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح محرم الحرام میں امن اور بھائی چارے کو قائم رکھا ہے آئندہ بھی کسی کو انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جلوس اور حساس مقامات پر کڑی نگرانی رکھی جارہی ہے تا کہ عزاداروں کو پرامن ماحول فراہم کیا جاسکے۔ اسکے علاوہ جلوس روٹس کی نگرانی کے لئے کنٹرول روم مکمل طور پر فعال ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہنا تھا کہ ہمارا مذہب اسلام امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ جلوس کی سکیورٹی کے لئے پولیس کے علاوہ رضا کاروں کی بڑی تعداد بھی متعین کی گئی ہے۔ مکمل تلاشی کے بغیر کسی کو جلوس میں داخل نہیں ہونے دیا جارہا۔ ڈی پی او نے کہا کہ دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ امن کمیٹی ممبران بشمول تمام مسالک کے علماء کرام اپنا فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ جلوس کے لئے وقت کی پاسداری کروائی جارہی ہے اور امید کی جاتی ہے کہ تمام اداروں کے تعاون سے سرگودھا ضلع کا امن امان مستقبل میں بھی ایسے ہی قائم و دائم رہے گا۔

بقیہ 21

تھا۔ لہذا، دوسرا سیمینار ہفتہ، 31 اگست 2024 کو دارا ہال نوشہرہ (وادہ سون) میں منعقد کیا گیا۔ فوجی فاؤنڈیشن کالج کے طلباء کے علاوہ، 140 سے زائد طلباء اور نوشہرہ کے مختلف کالجوں کے 30 اساتذہ نے بھی سیمینار میں شرکت کی۔ علاقے کے معزز والدین اور شخصیات کی ایک معقول تعداد بھی موجود تھی، جس سے کل حاضرین کی تعداد 500 سے زائد ہوگئی۔ سول جج تحصیل نوشہرہ، جناب ابوبکر صدیق بھی اس موقع پر تشریف لائے۔ سیمینار کی آغاز قرآن مجید کی تلاوت سے ہوا۔ سٹیج سیکرٹری کی ذمہ داریاں محترمہ انعام خالد، سینئر ٹیچر FFES نوشہرہ کیمپس نے انجام دیں۔ پرنسپل FFES نوشہرہ کیمپس، لیفٹیننٹ کرنل (ر) شاہد عزیز ملک نے اپنے ابتدائی خطاب میں تمام مہمانوں اور دیگر حاضرین کا استقبال کیا۔ جن مقررین نے بچوں کی کیریئر کاؤنسلنگ کے حوالے سے اظہار خیال کیا ان میں سینئر ٹیچر FFC عامر اقبال، ماہر تعلیم ریٹائرڈ پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول نوشہرہ میڈم فرحت مشتاق، علی عبدالتین، علی مقرب، احسن منیر، ڈاکٹر عبدالمعید طارق، ڈاکٹر رحیم اللہ خٹک، پروفیسر محمد اسلام ذکی اور وکیل مسٹر میاں قمر الدین اعوان شامل ہیں۔ تمام مہمانوں، خاص طور پر طلباء اور والدین نے پرنسپل کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ایک معلوماتی اور مفید ایونٹ منعقد کیا اور مطالبہ کیا کہ اس کو آئندہ ہر سال جاری رکھا جائے۔ ملک نعیم ظفر (پرنسپل آئیڈیل کالج نوشہرہ) اور مینیجنگ ڈائریکٹر سن ویلی لٹریری سوسائٹی شارق عزیز میاں اعوان نے اس موقع پر خصوصی طور پر شرکت کی اور پرنسپل فوجی فاؤنڈیشن کالج اور جملہ انتظامیہ کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی۔

بقیہ 22

کرے۔ اس موقع پر ایف آئی اے کے وکیل کی جانب سے اور یا مقبول جان کی درخواست ضمانت کی مخالفت کی گئی سیشن کورٹ نے فریقین کے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا تھا جو بعد ازاں سناتے ہوئے اوریا مقبول جان کی درخواست ضمانت مسترد کردی گئی

بقیہ 23

بجرم 489F تھانہ گوجرخان میں اپنی گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش تھا جس کو مظہر سجاد SI معہ ہمراہی نے SHO گوجر خان کی ہدایت پر حسب ضابطہ گرفتار کر لیا جبکہ تھانہ جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 17 سالہ لڑکے کے قتل میں ملوث اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا ملزم بابر نے بچ کس کے وار کر کے مقتول جواد کو قتل کر دیا تھا، واقعہ سابقہ لڑائی جھگڑے کے باعث پیش آیا تھا جس کا مقدمہ رواں سال جون میں تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا تھا ملزم واقعے کے بعد روپوش ہو گیا تھا جسکو پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ٹریس کر کے گرفتار کیا۔

بقیہ 24

مذاکرات میں تاجر دوست اسکیم کو کلعدم مسترد کر دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ایک ایسی تجویز لائیں گے جو کہ ملک بھر کے پرچون فروشوں سے ٹیکس جمع کرنے کے لئے حکومت کو تقویت دے سکے۔ ایف بی آر کے نمائندے نے بتایا کہ ہم نے پرچون فروشوں سے کہا تھا کہ وہ 100 ارب روپے تک ٹیکس جمع کرنے کے لیے کوئی تجویز لائیں تو پرچون فروشوں نے اسے مسترد کر دیا لیکن یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ انکم ٹیکس کے جال میں آنے سے انکار کرتے رہیں۔

بقیہ 25

خلاف ورزی پر 4 افراد گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈی سی اسلام آباد نے بتایا کہ انسداد ڈینگی ایس او پیز پر ہر صورت عمل درآمد کروایا جائے، شہریوں سے تعاون ہے ایس او پیز کے نفاذ میں ضلعی انتظامیہ کی مدد کریں۔

بقیہ 26

اضافہ ہوا، جو ٹیکس کی مد میں ملے گا اس سے صوبہ کو ترقی ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب نے 14 اگست پر دیگر صوبوں کو نیچا دکھانے کے لیے بجلی بلز میں سبسڈی کا اعلان کیا، وزیر اعلیٰ پنجاب کہتی ہیں 45 ارب سبسڈی ہے، وزیر اعظم کہتے ہیں سبسڈی 90 ارب ہے، پہلے دن 500 یونٹس کا اعلان کیا گیا، پھر کہا گیا 201 سے 500 یونٹس ہیں۔ مزمل اسلم نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت کیپٹل اسلام آباد نہیں، لاہور سے فیصلے ہورہے ہیں، کے پی سستی بجلی پیدا کرتا ہے اس لیے ہمیں رعایت ملنی چاہیے، ہم صوبہ میں بجلی بنانے اور اس کی پیداوار بڑھانے کیلیے اب خود کام کریں گے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختون خواہ کے مشیر نے کہا ہے کہ کے پی اس وقت 171 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہا ہے، ہم اپنی ٹرانسمیشن لگائیں گے، ٹرانسمیشن لائن کے لیے لائسنس لے لیا، ہم نے سولر سسٹم دینے کا اعلان بھی کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال 22 کروڑ کا تمباکو پر ٹیکس کا ٹھیکہ اب 1 ارب سے زیادہ میں ہوا ہے، سندھ کے سیلاب متاثرین کے لیے خزانے کھولے گئے، شہباز شریف سب کے وزیر اعظم بنیں۔ مزمل اسلم کا کہنا ہے آپ کہتے ہیں ٹوٹی پھوٹی پی ٹی آئی لیکن اصل دراڑیں تو پی ڈی ایم میں ہیں، پی ٹی آئی ٹوٹی پھوٹی نہیں، 8 ستمبر کو اپنی طاقت اور اتحاد دکھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس نہ ہونے کے خلاف عدالت جائیں گے، فاٹا اور ضم اضلاع کے لیے 3 فیصد کا اعلان ہوا، اب تک ایک فیصد مل رہا ہے۔

بقیہ 27

نے کراچی سمیت شہری علاقوں میں ترقیاتی کاموں میں سست روی پر تحفظات کا اظہار کیا، ملاقات میں آئینی ترمیم، شہری سندھ کے ترقیاتی فنڈ کی فراہمی پر گفتگو ہوئی۔ ایم کیو ایم وفد نے بلوچستان کی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ متحدہ وفد نے عوام اور تاجروں کے مسائل بھی وزیر اعظم کے سامنے رکھے۔

بقیہ 28

پارٹی مینگل کے سربراہ کا کہنا ہے کہ ہمارے حکمراں اور ایلیٹ طبقے کو بلوچستان پر پارلیمنٹ کا اجلاس بلانا چاہیے تھا، میری اور اچکزئی کی تقریروں کو برداشت نہیں، میرا مقصد تھا کہ اسپیکر کو بولوں کہ میری باتوں کو تحمل سے سنیں۔ اختر مینگل نے کہا کہ اسلام آباد میں لانگ مارچ کر کے آنے والوں پر لاٹھی چارج کیا گیا، واٹر کینن چلائی، بلوچستان کے حالات دیکھ کر فیصلہ کر کے آیا تھا، میں پورے نظام پر عدم اعتماد کر رہا ہوں۔ ان کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے معاملے پر لوگوں کی دلچسپی نہیں، جب بھی اس مسئلے پر بات کرو تو بلیک آؤٹ کر دیا جاتا ہے۔ ملک میں صرف نام کی حکومت رہ گئی ہے، اس سیاست سے بہتر ہے میں پکوڑے کی دکان کھول لوں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کے سربراہ نے کہا کہ 65 ہزار ووٹرز مجھ سے ناراض ہوں گے ان سے معافی مانگتا ہوں، قومی اسمبلی اجلاس میں آج میری تقریر سن لی جاتی تو استعفیٰ وہاں پیش کرتا مگر افسوس وہاں اظہار خیال نہیں کرنے دیا گیا، یہ اسمبلی ہماری آواز نہیں سنتی اس میں بیٹھنے کا کیا فائدہ؟ اختر مینگل نے اپنا استعفیٰ اسپیکر آفس میں جا کر جمع کروا دیا، ان کا استعفیٰ سیکریٹری قومی اسمبلی نے وصول کیا۔ سردار اختر مینگل کی قومی اسمبلی سے مستعفی ہونے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں جا کر بیٹھیں گے جو محنت مزدوری اور کھیتی باڑی ہے کریں گے۔ اختر مینگل کا کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل بھیج دیں، کوٹ لکھپت بھیج دیں یا مچھ بھیج دیں ان کی مرضی ہے، یہ میرے ضمیر کا فیصلہ ہے، واپسی کے راستے انہوں نے سب بند کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم واپس مڑ کر پارلیمنٹ آئے تھے، پارلیمنٹ میں راستے بند کیے جاتے ہیں تو ہم جائیں گے کہاں؟ واضح رہے کہ اختر مینگل این اے 256 خضدار سے رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔

بقیہ 29

بلوچستان، سعید اللہ خان صدر سی بی اے پی ایم ڈی سی سیوریج کوئٹہ، نور شاہ صدر سی بی اے پی ایم ڈی سی شارگ ہرنائی، جعفر خان صدر سی بی اے ڈیگاری کوئٹہ، مرزا فاروق جنرل سیکرٹری سالٹ مائنز یونین کھیوڑہ اور میاں آفتاب جنرل سیکرٹری ایمپلائز یونین وڑچھہ و دیگر کا مزید کہنا تھا کہ پی ایم ڈی سی وفاقی حکومت کی مائننگ کا واحد ادارہ ہے جس کا مائننگ کا 50 سال کا تجربہ ہے، پی ایم ڈی سی تمام صوبوں میں 19 مائننگ پروجیکٹس پر کام کر رہی ہے جس میں کوئلے کے چار، نمک کے پانچ اور سات دھاتی اور غیر دھاتی پروجیکٹ شامل ہیں، یہ منصوبے ملک بھر میں پھیلے ہوئے ہیں، پی ایم ڈی سی تاریخی کھیوڑہ سالٹ مائنز کو چلا رہی ہے، پی ایم ڈی سی کا کوئلہ کی کان کنی میں زیر زمین تکنیکی اعتبار سے محفوظ ترین مائننگ پروجیکٹ سور رینج چل رہا ہے جو کہ کول مائننگ میں ماڈل مائن کی حیثیت رکھتا ہے، پی ایم ڈی سی کے ہزاروں ملازمین کا روزگار اس ادارے سے وابستہ ہے، پی ایم ڈی سی منافع کمانے والے اداروں میں شامل ہے جس نے پچھلے برس دو ارب ساٹھ کروڑ روپے کا خالص منافع کمایا ہے، اس کے جاری منصوبوں سے نہ صرف اربوں ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوگا بلکہ صوبوں کے پسماندہ علاقوں میں سماجی و اقتصادی فوائد اور بلوچستان کے تمام پراجیکٹس جو مختلف اضلاع کوئٹہ، مستونگ، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ قلعہ عبداللہ میں واقع ہیں جس میں کام کرنے والے روزگار کے لئے بے پناہ مواقع بھی پیدا ہونگے، ملازمین کول کنٹرز، لیبر 99 فیصد مقامی لوگوں پر مشتمل ہے، بلوچستان کے جن اضلاع میں پی ایم ڈی سی کے پراجیکٹس ہیں وہاں پر واحد ذریعہ معاش پی ایم ڈی سی فراہم کر رہی ہے حکومت نے پاکستان منرل ڈولپمنٹ کارپوریشن کا نام پرائیویٹائزیشن لسٹ میں شامل کیا ہے، نجکاری سے بے روزگاری کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں نفرتیں جنم لینگی، نجکاری کے اس عمل سے وفاق کے مائننگ کمپنی کی نمائندگی ختم ہو جائیگی اور بڑے پیمانے پر نجکاری کا یہ فیصلہ ملازمتوں کے نقصان کا باعث بنے گا جس سے ہزاروں خاندانوں کے چولہے بجھ جائینگے، ملک میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا، مزدوروں میں فاقہ کشی ہوگی اور خدانخواستہ خود کشیوں کا سبب بنے گا، انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ پی ایم ڈی سی کی نجکاری کا فیصلہ واپس لے، اگر حکومت نے ادارہ بیچنے کا فیصلہ کرہی لیا ہے تو ہمیں ادارے کی ویلیو بتا دے ملازمین اپنی جائیدادیں بیچ کر اسے خرید لیں گے۔

بقیہ 30

قدر ہنر مند افرادی قوت بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ کے روڈ میپ پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پنجاب میں چیف منسٹر انٹرن شپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے، نوجوانوں کو سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ کے ذریعے آئی ٹی سکلز اور آن جاب ٹریننگ دی جائے گی، انٹرن شپ اور آئی ٹی سکلز کے لئے نوجوانوں کی کورسز میں داخلہ کا پراسس میرٹ بیسڈ ہوگا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ کے ذریعے نوجوانوں کو مالی طور پر خود مختاری کی راہ پر گامزن کیا جائے گا، ہنر مند نوجوان ملک کا قابل قدر سرمایہ ہیں، عالمی جاب مارکیٹ میں مسابقت کے لئے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور نئے دور کے تقاضوں کے مطابق تربیت دی جائے گی۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب، چیئرپرسن ٹاسک فورس برائے سکل ڈیولپمنٹ ایم پی اے عدنان افضل چٹھہ، پرنسپل سیکرٹری ساجد ظفر ڈال، سیکرٹری امپلیمنٹیشن دانش افضال، سی ای او پی ایس ڈی ایف احمد حلیم خان اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 31

عطاء اللہ تارڑ، مہمان خصوصی بیگم ساجدہ تارڑ، ایس ایم صادق، فرخ دیبا، معروف مصنف ارشد بخاری، سعدیہ ارشد، مقامی پارٹی رہنماؤں سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد موجود تھی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے فرخ دیبا کو ہیریٹیج و کلچر کا کوآرڈینیٹر مقرر کرنے کے باقاعدہ نوٹیفیکیشن پیش کیا، انہیں مبارکباد دی اور امید ظاہر کی فرخ دیبا اس عہدے پر پورا اتریں گی اور ملکی کلچر و ثقافت کے فروغ کے لیے اپنا بھر پور کردار ادا کریں گی۔ سابق رکن صوبائی اسمبلی فرخ دیبا نے پارٹی کی جانب سے کوآرڈینیٹر برائے کلچر و ثقافت مقرر کرنے پر پارٹی قیادت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں پارٹی قیادت کے اعتماد پر پورا اتروں گی اور اپنی نئی ذمہ داریاں کو احسن طریقے سے پورا کرنے کی کوشش کروں گی۔

بقیہ 32

ہے۔ اسٹیبلشمنٹ اور ن لیگ بات چیت کے لئے تیار نہیں ہیں، اسٹیبلشمنٹ نے یہ واضح کر دیا ہے کہ وہ خود مذاکرات نہیں کرے گی۔ مذاکرات کے لئے شرط رکھی ہے کہ پی ٹی آئی 9 مئی پر معافی مانگے۔

بقیہ 33

اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی جس میں سیکرٹری قانون، سیکرٹری داخلہ اور وفاق کو درخواست میں فریق بنایا گیا ہے۔ آئی جی اسلام آباد، آئی جی پنجاب، ڈی جی ایف آئی اے اور آئی جی جیل خانہ جات کو بھی درخواست میں فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ بانی پی ٹی آئی کو فوجی تحویل میں دینے سے روکا جائے، یقینی بنایا جائے کہ بانی پی ٹی آئی کو سویلین عدالتوں اور سویلین تحویل میں رہیں۔

بقیہ 34

3 نئی شرائط عائد کردی ہیں۔ ان شرائط کی وجہ سے پنجاب حکومت کا صارفین کو اقساط میں سولر پینلز دینے کا 700 ارب روپے کا منصوبہ بھی خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ پنجاب حکومت کی طرف سے 2 ماہ کیلیے بجلی بلوں میں 14 روپے فی یونٹ سبسڈی دینے کے اعلان کے بعد آئی ایم ایف نے صوبوں پر یہ نئی کڑی شرائط عائد کی ہیں جس کے تحت آئی ایم ایف کے 37 ماہ کے 7 ارب ڈالر قرض پروگرام کے دوران کوئی صوبائی حکومت ایسی کوئی سبسڈی نہیں دے سکے گی۔ شرائط کے مطابق صوبوں نے بجلی اور گیس پر کوئی سبسڈی نہ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ اس سے ان دعوں کی تردید ہوتی ہے کہ صوبے بجلی پر سبسڈی دے سکتے ہیں اور وزیر اعظم شہباز شریف کے اس بیان پر بھی سوالیہ نشان لگا دیا ہے، جس میں انہوں نے دیگر تمام صوبوں کو پنجاب کی پیروی کرنے کی ترغیب دی تھی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی دوسری نئی شرط تمام صوبائی حکومتوں کو اس امر کا پابند بناتی ہے کہ وہ کوئی ایسی پالیسی یا اقدام متعارف نہیں کرائیں گی جو 7 ارب ڈالر کے پروگرام کے تحت کیے گئے وعدوں کے خلاف ہو یا ان وعدوں کو مجروح کرے۔ یہ شرط مالیاتی معاملات میں اختیارات کے حوالے سے چاروں صوبائی حکومتوں کے پر کاٹ دے گی۔ صوبائی حکومتوں نے آئی ایم ایف کے ساتھ عہد کیا ہے کہ وہ ستمبر کے آخر تک قومی مالیاتی معاہدے پر دستخط کریں گی تاکہ وہ وفاقی حکومت کی طرف سے اٹھائے جانے والے کچھ اخراجات کی ذمہ داری لے سکیں۔ صوبائی حکومتوں نے زرعی انکم ٹیکس، پراپرٹی ٹیکس اور خدمات پر سیلز ٹیکس میں بہتری لانے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ ان وعدوں کو کمزور کرنے کی نئی شرط کی وجہ سے صوبائی حکومتیں اب یکطرفہ اقدامات نہیں کر سکتیں۔ آئی ایم ایف کی تیسری نئی شرط کے مطابق صوبے کسی بھی ایسے اقدام سے پہلے وزارت خزانہ سے مشورہ کریں گے جو آئی ایم ایف کے ساتھ طے شدہ ڈھانچہ جاتی معیارات اور کلیدی اقدامات کو متاثر کر سکے۔ ماضی کے برعکس جب صوبائی پالیسیوں اور بجٹ پر زیادہ توجہ نہیں دی جاتی تھی، آئی ایم ایف کا نیا پروگرام پانچ حکومتوں کے پانچ بجٹ اور پالیسیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ وزارت خزانہ 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی منظوری کیلئے آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کے اجلاس کی تاریخ حاصل کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ نئے قرضوں اور رول اوور کی منظوری کے حوالے سے رواں ہفتے کو انتہائی اہم قرار دیا جارہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف صوبوں کے بجٹ کا تنقیدی جائزہ لے رہا ہے اور اس نے مشاہدہ کیا ہے کہ پنجاب اور سندھ کے محاصل کے تخمینے بہت زیادہ ہیں جس کی وجہ سے کیش سرپلس پیدا کرنے کے اہداف کو پورا کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 35

پاکستان کی پارلیمان کو شمسی توانائی پر چلنے والی دنیا کی پہلی پارلیمان ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اگرچہ پاکستان لوڈشیڈنگ کے مسئلے سے نمٹنے میں کسی حد تک کامیاب ہو چکا ہے، تاہم توانائی کے شعبے کو منظم کرنا پاکستان میں بجلی کی زیادہ قیمت سے نمٹنے کیلئے مزید ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اسلام آباد میں پاکستان میں بجلی کی تقسیم کے نظام کے لیے حکمت عملی کے انتخاب پر پارلیمانی مشاورت کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ ایک عالمی چیلنج ہے۔ پاکستان کی طرح ترقی یافتہ ممالک کو بھی توانائی کی قیمتوں کے سلسلے میں مسائل کا سامنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت صارفین کے لیے توانائی کی قیمتوں میں کمی لانے کے لیے پر عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف علاقوں میں سپلائی کی جانے والی بجلی کی ریکوری میں کمی کا بوجھ بجلی صارفین کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کا حلف اٹھانے کے بعد انہوں نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے تمام عملے اور افسران کے انٹرویوز کیے تاکہ ہر شخص کو اس کی اہلیت کے مطابق ذمہ داری سونپی جائے۔ انہوں نے انسانی وسائل کو منظم طریقہ کار کے تحت بروکار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سستی اور کم قیمت پر توانائی کی فوری ضرورت ہے۔ انہوں نے اسپیکر سردار ایاز صادق کا تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے عوام کو درپیش توانائی سے متعلق مسائل کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ توانائی کا بحران ملک کی اقتصادی ترقی اور پیشرفت میں رکاوٹ بننے والی بڑی رکاوٹوں میں سے ایک ہے۔ انہوں نے توانائی کے مسائل پر قابو پانے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 36

سال 2024 UNFPA کے لیے بہت اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ یہ آبادی اور ترقیاتی پروگرام کے عمل کے بارے میں بین الاقوامی کانفرنس کی نفاذ کے جائزے کی نشاندہی کرتا ہے، اور UNFPA اسٹریٹجک پلان 2022-2025 کا وسط مدتی جائزہ اور مستقبل کے اقوام متحدہ کے سربراہی اجلاس کو بھی دیکھے گا۔ یہ سنگ میل بڑھتے ہوئے انسانی بحرانوں، بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی تناظر، بڑھتی ہوئی عدم مساوات، آب و ہوا کے اثرات، غلط معلومات میں اضافہ اور جنسی اور تولیدی صحت اور حقوق کے خلاف مسلسل پش بیک کے پس منظر میں ہو رہے ہیں۔ PWD پنجاب کے فیلڈ آؤٹ لیٹس میں مانع حمل سٹاک کی موجودہ پوزیشن اور فیلڈ آؤٹ لیٹس میں مہینوں کی کفایت کے بارے اور مالی سال کے دوران کنٹراسیپٹیو ادویات کی خریداری کی صورتحال کے بارے میں بھی اپ ڈیٹ کیا گیا۔ انہوں نے اہداف کے حصول کیلئے موجودہ کنٹراسیپٹیو ادویات کے استعمال کے رویے پر مطالعہ کرنے پر زور دیا تا کہ اس کے مطابق حکمت عملی تیار کی جا سکے۔ پنجاب فیملی پلاننگ پروگرام کے نتائج کے ترقیاتی مقصد پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کی موثر معیاری خدمات کے استعمال کو بڑھانا ہے۔ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پورے خطے میں خاندانی منصوبہ بندی اور تولیدی صحت کو فروغ دینے کے اپنے مشن میں نمایاں پیش رفت کا اعزاز برقرار رکھے ہوئے ہے۔ پاکستان نے اپنے FP2030 کے وعدے اپنے قومی اہداف کے مطابق کیے ہیں جن پر کمپوزٹ کوریج انڈیکس (CCI) کی سفارشات اور قومی ایکشن پلان کے لیے طے کیے گئے اہداف کو خاندانی منصوبہ بندی کو مضبوط بنانے کے لیے CCI کی سفارش کردہ کلیدی شعبوں کی مکمل پیروی کی گئی ہے

بقیہ 37

کھدائی کا عمل شروع کر کے وہاں پر کنکریٹ کا حفاظتی بند تیار کرنے کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں کھدائی کے عمل کے بعد وہاں حفاظتی دیوار تعمیر کر کے اسکی فیلنگ کروائی جائے گی اور اسکے بعد روڈ کی مرمتی عمل میں لائی جائے گی اس قبل اسکو عارضی طور پر بھرنے کے لیے مٹی ڈالی گئی تھی جو پھر ہونے والی بھاری بارشوں کی نظر ہوگئی تھی جسکو مدنظر رکھتے ہوئے دیوار کا بند تیار کروایا جارہا ہے تا کہ اس مسئلے کا مستقل سد باب ہو سکے اور ٹریفک کی روانی برقرار رہے اور کسی بھی قسم کا بعد میں کوئی سانحہ رونما نہ ہو سکے این ایچ اے جانب سے کیا یہ اقدام قابل ستائش ہے اور انکے اس بروقت عمل کی وجہ سے کہیں قیمتی جانوں کے ضیاع کا خطرہ ٹل گیا ہے۔

بقیہ 38

صوبائی اسمبلی مرحوم رانا افضال حسین کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ کابینہ اجلاس کے آغاز میں وزیر اعظم نے گفتگو کرتے ہوئے اگست میں افراط زر کی شرح سنگل ڈیجٹ میں آنے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ افراط زر میں کمی پر وزارت خزانہ، سٹیٹ بینک اور دیگر متعلقہ اداروں کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی کا بوجھ آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں معیشت میں مزید استحکام لانا ہے، روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ وفاقی کابینہ نے وزارت تجارت کی سفارش پر مرکوسر جو کہ جنوبی امریکہ میں موجود ممالک جیسا کہ برازیل، ارجنٹینا، یوروگوائے اور پیراگوئے پر مشتمل ایک تجارتی بلاک ہے اور جسے عام زبان میں سدرن کامن مارکیٹ کے نام سے پکارا جاتا ہے اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان تجارتی فریم ورک معاہدے پر بعد از وقوع/دستخط کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے مؤخر الذکر تجارتی فریم ورک معاہدے کی توثیق بھی کردی۔ اس حوالے سے وزیر اعظم نے کہا کہ جنوبی امریکہ کی مارکیٹ ممکنہ طور پر پاکستانی مصنوعات کی لئے اچھی مارکیٹ ثابت ہو سکتی ہے لیکن اب تک پاکستانی معیشت اس مارکیٹ کے ثمرات حاصل نہیں کرسکی۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ معیشت سے متعلق تمام معاہدے اور مفاہمتی یادداشتیں جن پر عرصے سے کوئی کام نہیں ہوا ان پر تیز رفتاری سے کام کیا جائے۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خارجہ امور کی سفارش پر البانیہ کی وزارت برائے یورپ اور خارجہ امور اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کی وزارت خارجہ کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت سے متعلق مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کی منظوری دیدی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خارجہ امور کی سفارش پر "کانفرنس آن انٹریکشن اینڈ کانفیڈنس بلڈنگ میئرز ان ایشیاء 2010" کے سیکرٹریٹ، اس کے عملے اور رکن ممالک کے نمائندگان کے استحقاق اور استثنیٰ کے کنونشن کی توثیق کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت کی سفارش پر وزارت کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری سید جنید اخلاق کی بطور چیئرمین فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں تعیناتی کی مدت میں ریگولر افسر کی تعیناتی تک توسیع کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی کے مسودوں کے حوالے سے ایک کمیٹی تشکیل دینے کی بھی منظوری دے دی۔ یہ کمیٹی تمام اسٹیک ہولڈرز سے اس حوالے سے مشاورت کرے گی اور ایک ماہ تک اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے چیلنجنگ کیسز کے 26 اگست 2024 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی بھی توثیق کردی۔

بقیہ 39

اور ڈبل پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، غیر قانونی اور ڈبل پارکنگ کے خلاف جاری اس خصوصی مہم کیلئے اسلام آباد پولیس کے افسران پر مشتمل اضافی نفری کے ساتھ خصوصی دستے بھی تشکیل دیئے گئے ہیں جو کہ مختلف اوقات میں شہر کی بڑی شاہراہوں اور مراکز میں گرینڈ آپریشنز کے دوران بلا امتیاز کارروائی عمل میں لا رہے ہیں، جن مقامات پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں ان میں بڑی شاہراہوں کے ساتھ بڑے تجارتی مراکز، مارکیٹس خصوصاً جی الیون مرکز، ایف الیون مرکز، ایف ٹین مرکز، جی نائن مرکز، جی ایٹ مرکز، آئی ایٹ مرکز، بلیو ایریا، جناح سپر مارکیٹ، آبپارہ اور بارہ کہو مارکیٹ شامل ہیں، رواں سال گرینڈ آپریشنز کے دوران غیر قانونی اور ڈبل پارکنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسلام آباد پولیس نے 9 ہزار 7 سے زائد گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائیں اور متعدد گاڑیوں کو مزید قانونی کارروائی کے لئے مختلف تھانہ جات میں منتقل کیا گیا، آپریشن کے دوران کار شوروم کے باہر کھڑی کی گئی گاڑیوں کو فوک لفٹر کی مدد سے مقرر کردہ پارکنگ ایریا میں منتقل کیا گیا اور شوروم مالکان کو تنبیہ کی گئی کہ وہ فٹ پاتھ اور روڈ پر گاڑیاں کھڑی کرنے سے گریز کریں بصورت دیگر ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کو محفوظ بنانے اور حادثات کی روک تھام کے لئے بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لا رہی ہے تاکہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے اور اسلام آباد کو حادثات سے محفوظ شہر بنایا جاسکے۔

بقیہ 40

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار دکھ کی اس گھڑی میں، سوگوار خاندان کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اسپیکر قومی اسمبلی۔ اسپیکر کی مرحومہ کے درجات کی بلندی اور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر اور سابق وفاقی وزیر چوہدری نثار علی خان اور ان کے خاندان کے دیگر افراد کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا

بقیہ 41

داماد کے اچانک انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی وفات سوگوار خاندان کے لیے ناقابل تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی مشکل گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ اسپیکر نے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کی درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی۔

ملٹی وٹامن کا روزانہ استعمال موت کے خطرے کو بڑھا دیتا ہے، تحقیق

نیو یارک (سی ایم لنکس) اگر آپ ملٹی وٹامنز کا روزانہ استعمال اس لیے کرتے ہیں تا کہ یہ لمبی اور صحت مند زندگی کی ضامن بنے گی تو جان لیں کہ ایسا ہرگز نہیں ہے، یہ عمر میں اضافہ نہیں کر سکتا۔ اس کے برعکس تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ ایسے صحت مند افراد جو روزانہ ملٹی وٹامن سپلیمنٹس استعمال کرتے ہیں ان میں موت کا خطرہ 4 فیصد بڑھ جاتا ہے۔ مذکورہ تحقیق امریکا میں دو دہائی سے زائد عرصے تک 4 لاکھ صحت مند افراد پر کی گئی ہے۔ اس دوران جن افراد نے روزانہ ملٹی وٹامن سپلیمنٹس استعمال کیا، ان میں مختلف امراض کے خطرے میں دیگر افراد کے مقابلے میں کوئی کمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ میڈیکل نیوز ٹوڈے کی رپورٹ کے مطابق امریکا میں 33 فیصد بالغ افراد روزانہ ملٹی وٹامن یہ سوچ کر لیتے ہیں کہ اس سے صحت مند زندگی میں مدد مل سکتی ہے۔ مذکورہ تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایسے کوئی شواہد سامنے نہیں آئے جو یہ ثابت کرسکیں کہ ملٹی وٹامنز کے استعمال سے مختلف امراض جیسے امراض قلب اور کینسر سے تحفظ ملتا ہے بلکہ اگر صحت مند افراد ان کا استعمال کریں تو ان میں موت کا خطرہ 4 فیصد تک بڑھ جاتا ہے۔ محققین کے مطابق اب تک ملٹی وٹامن سپلیمنٹس کے استعمال کے فوائد اور نقصانات کے حوالے سے شواہد ناکافی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے ان سپلیمنٹس کے اثرات کی جانچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان کے مطابق طرز زندگی کے عناصر جیسے تمباکو نوشی، غذا اور جسمانی سرگرمیوں کو مدنظر رکھا گیا اور دریافت ہوا کہ ملٹی وٹامنز کے استعمال سے صحت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ خیال رہے کہ دنیا بھر میں ملٹی وٹامنز کا استعمال بہت زیادہ ہوتا ہے اور صرف امریکا میں ہر سال 8 ارب ڈالرز کے سپلیمنٹس فروخت ہوتے ہیں۔ زیادہ تر افراد ان سپلیمنٹس کا استعمال اچھی صحت اور فٹنس کو برقرار رکھنے اور دائمی امراض کی روک تھام کے لیے کرتے ہیں۔

ویپنگ اور سگریٹ کا ایک ساتھ استعمال زیادہ خطرناک قرار

اوہائیو (سی ایم لنکس) ایک نئی تحقیق ہمیں بتاتی ہے کہ کہ جو لوگ سگریٹ اور ویپنگ دونوں کرتے ہیں، انہیں پھیپھڑوں کے کینسر کے زیادہ خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کولمبس میں اوہائیو اسٹیٹ یونیورسٹی میں آنکولوجی کی محقق اور مطالعے کی مرکزی مصنفہ ماریسا بٹونی نے کہا کہ صحت عامہ کے نقطہ نظر سے ہم ہمیشہ روایتی اور ای۔ سگریٹ مصنوعات کے استعمال کے بارے میں فکر مند رہے ہیں۔ بٹونی نے کہا کہ یہ مطالعہ واضح ثبوت پیش کرتا ہے کہ تمباکو نوشی کے علاوہ ویپنگ بھی آپ کے پھیپھڑوں کے کینسر کا خطرہ بڑھا سکتے ہیں۔ ماریسا اور انکی ٹیم نے کولمبس کے علاقے میں پھیپھڑوں کے کینسر کی تشخیص کرنے والے تقریباً 5,000 لوگوں میں ویپنگ اور سگریٹ دونوں کی شرحوں کا سراغ لگایا، اور ان کا موازنہ کینسر کے بغیر تقریباً 27,300 لوگوں کے گروپ سے کیا۔

دھوپ میں رہنے سے مینڈک مہلک فنگس سے لڑ سکتے ہیں، تحقیق

سڈنی (سی ایم لنکس) ایک نئی تحقیق میں پایا گیا ہے کہ گھر کے آنگن میں چند ماہ گزارنے سے مینڈکوں کو مہلک فنگل انفیکشن سے لڑنے میں مدد مل سکتی ہے۔ آسٹریلیا میں سائنسدانوں نے دھوپ والے مقامات پر اینٹوں کے چھوٹے ڈھانچے رکھے۔ بعد میں chytrid نامی فنگس سے متاثر مینڈکوں نے ان ڈھانچوں میں پناہ لی۔ ماہرین نے پایا کہ تھوڑی ہی دیر میں مینڈکوں کا درجہ حرارت اس فنگس سے لڑنے کے لیے کافی بڑھ گیا۔ اس تحقیق کے نتائج ٹیم کے سربراہ انتھونی ڈبلیو ویڈل اور ان کی ٹیم نے 11 نیچر نامی جریدے میں شائع کیے Chytrid فنگس جلد پر حملہ کرتا ہے۔ ایک بار متاثر کر دینے کے بعد یہ فنگس انفیکشن، الیکٹرولائٹس، دیگر سیالوں اور آکسیجن کے جسم میں بہاؤ کو روکتا ہے۔ اس سے جانور کی حرکت کرنے اور خود کو کھانا کھلانے کی صلاحیت میں خلل پڑ سکتا ہے جو کہ آگے چل کر مہلک ثابت ہو سکتا ہے۔

پھلوں کا سلاد عمر بڑھنے سے وابستہ ایک قدرتی اینٹی ڈپریسنٹ، روزانہ تین بار کھانا ہوگا

دبئی (سی ایم لنکس) یہ محاورہ تو اکثر سنا جاتا ہے کہ روزانہ ایک سیب ڈاکٹر سے دور رکھتا ہے۔ ایک نئی تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ پھلوں کا سلاد کھانے سے اور بھی زیادہ فوائد مل سکتے ہیں، پھلوں کا سلاد آپ کی عمر کے ساتھ ساتھ ڈپریشن کی علامات کے پیدا ہونے کے خطرے کو نمایاں طور پر کم کرتا ہے۔ تازہ ترین مطالعہ یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ کسی بھی غذا میں پھلوں کو شامل کرنے کے طویل مدتی اور وسیع پیمانے پر صحت کے فوائد ہیں۔ درمیانی عمر میں پھل۔۔۔ نیو اٹلس ویب سائٹ کی طرف سے شائع ہونے والے نیوٹریشن، ہیلتھ اینڈ ایجنگ کے مطابق، سنگاپور یونیورسٹی کے محققین نے تقریباً دو دہائیوں کے دوران 13,738 شرکا کے ڈیٹا کا جائزہ لیا اور دریافت کیا کہ جو لوگ روزانہ تقریباً تین سرونگ پھل کھاتے ہیں۔ درمیانی عمر کے دوران ان میں ڈپریشن کی علامات پیدا ہونے کا خطرہ 21 فیصد کم تھا بعد کے سالوں میں۔ ان علامات میں نہ صرف ڈپریشن، بلکہ علمی افعال میں تاخیر، بے خوابی، کمزور ارتکاز اور بڑھتی ہوئی تھکاوٹ بھی شامل تھی۔۔۔ 21 فیصد کم خطرہ۔۔۔ مطالعے کے نتائج عمر سے متعلق ڈپریشن کے خلاف ایک حفاظتی اقدام کے طور پر پھل کھانے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔ سرکردہ محقق وان پوئی کوہ، جو نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور میں میڈیسن کے پروفیسر ہیں، نے کہا کہ مطالعہ کے وہ شرکا جنہوں نے روزانہ پھلوں کو کم از کم تین مرتبہ کھایا تھا ان لوگوں کے مقابلے میں جنہوں نے روزانہ ایک سرونگ سے کم کھایا ڈپریشن کے امکانات کو 21 فیصد تک کم کرنے میں کامیاب رہے۔۔۔ پھلوں کی فہرست بین الاقوامی۔۔۔ یہ مطالعہ سنگاپور میں کیا گیا تھا۔ اس مطالعہ میں شامل 14 سب سے زیادہ کھائے جانے والے پھلوں میں سے بہت سے بین الاقوامی ہیں۔ ان پھلوں میں تربوز، نارنجی، ٹینجرین، کیلے اور سیب شامل ہیں۔ ایک سرونگ کو عام طور پر درمیانے سائز کا سیب، ایک کپ سٹرابیری، یا دوسرے پھلوں کے مساوی سمجھا جاتا ہے۔ یہ مثبت نتائج ہر کھانے کے بعد پھلوں کی ایک یا دو سرونگ کھا کر حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ اعلیٰ اور کم گلائیسیمک انڈیکس والے پھلوں کے درمیان کوئی فرق نہیں دیکھا گیا۔ لہذا ذیابیطس کے شکار افراد ایسے پھلوں کا انتخاب کریں جن کا گلائیسیمک انڈیکس کم ہے۔ محققین کے مطابق بنیادی بات 40 سے 65 سال کی عمر تک پھلوں کی مقدار کو برقرار رکھنا ہے۔ یہ آنے والی دہائیوں میں دماغی صحت کی حفاظت کے لیے ایک طریقہ ہے۔ لنک ابھی تک واضح نہیں ہے لیکن ان کا ماننا ہے کہ پھلوں میں پائے جانے والے اینٹی آکسیڈنٹس اور سوزش مخالف خصوصیات کی اعلیٰ سطح جیسے فلیوونائڈز، کیروٹینائڈز اور وٹامن سی آکسیڈیٹیو تناؤ کو کم کرنے اور دماغ کو تنزلی سے بچانے میں مدد فراہم کرسکتے ہیں۔

بقیہ 42

مختار کی زیر صدارت نیپرا نے بجلی کی قیمتوں سے متعلق جاری کیے گئے 20 فیصلوں پر نئی سماعت کی، 15 ماہانہ اور 5 سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت کیے گئے فیصلوں پر نئی سماعت کی گئی۔ نیپرا نے 2021، 2022 اور 2023 کے دوران کیے گئے فیصلوں پر نئی سماعت کی، پاکستان ایکس پٹری ایٹس کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی اپیل پر اپیلیٹ ٹریبونل نے فیصلہ جاری کیا تھا، دوران سماعت درخواست گزار نے بتایا کہ میرٹ آرڈر کی خلاف ورزی کر کے مہنگے پاور پلانٹس سے مہنگی بجلی فراہم کی گئی۔ انہوں نے موقف اپنایا کہ میرٹ آرڈر کی خلاف ورزی سے بجلی صارفین پر اضافی بوجھ پڑا، میرٹ آرڈر کی خلاف ورزی سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے)، نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کی نااہلی ہے۔ ٹریبونل نے کہا کہ نیپرا کو ریگولیٹری، مانیٹرنگ اور شفافیت کو بہتر بنانا ہوگا، ٹریبونل نے سی پی پی اے اور این ٹی ڈی سی کے تھرڈ پارٹی آڈٹ کا کہا ہے۔ درخواست گزار نے کہا کہ ٹریبونل نے کہا کہ نااہلی کا بوجھ صارفین پر نہیں ڈالا جانا چاہیے، 3 ری گیسیفائیڈ مائع قدرتی گیس (آر ایل این جی) پاور پلانٹس کی ایفیشنسی 61 فیصد تھی، ان پاور پلانٹس کو عوام کو 3.3 ارب روپے کو بوجھ سے بچایا جاسکتا ہے۔ فیصلے میں کہا کہ نیپرا نے باہمی انداز میں سماعتیں نہیں کیں، ان سماعتوں میں عوام پر اضافی بوجھ ڈالا گیا، ڈیٹا اور تھرڈ پارٹی آڈٹ کے بغیر موثر کارروائی نہیں ہو سکتی، ایسا میکانزم بنایا جائے جس سے صارفین خود کو محفوظ تصور کریں۔ چیئرمین نیپرا نے کہا کہ عوامی سماعت ایک پروفیشنل انداز میں ہوتی ہے، ہم ان تمام مسائل کو حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، چیئرمین نیپرا دوران سماعت متاثرہ فریق پر شدید برہم ہو گئے، ایسا ری ایکشن دیا جاتا ہے کہ جیسے ہم سب چور بیٹھے ہیں یہاں پر، اس طرح تو سماعت نہیں ہوتی، کم سے کم ہمیں کچھ تحمل اور اخلاقیات کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

بقیہ 43

دلچسپ مکالمہ بھی ہوا۔ جج خالد ارشد نے تھانہ شادمان اور مغلپورہ جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کی جیل میں سماعت کی۔ شاہ محمود قریشی، عمر سرفراز چیمہ، ڈاکٹر یاسمین راشد، عالیہ حمزہ سمیت دیگر عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ جج خالد ارشد نے کہا کہ آج میں عدالت میں بطور جج نہیں بیٹھا ہوا، میں نے کیس صرف اگلی تاریخ کے لیے ملتوی کرنا ہے، اب میں نے میرٹ پر کوئی آرڈر نہیں کرنا، میں شاید کل ہی اپنا چارج چھوڑ دوں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمیں گلہ ہے کہ آپ نے ہماری ضمانتوں پر فیصلہ نہیں کیا، اب آپ نئی ڈیوٹی پر جا رہے ہیں آپ کے لیے نیک خواہشات ہیں، ضمانت تو ہمارا حق ہے، ہم نے کون سا اس ملک سے بھاگ جانا ہے۔ جج نے ریمارکس دیئے کہ جو آزادی کسی کے گلے پڑے قانوناً اس کی اجازت نہیں ہو سکتی، میں نے آپ کی دھواں دار تقریریں سنی ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ جج صاحب آپ میری بات سنیں۔ جج خالد ارشد نے کہا کہ آج آپ نہ بولیں، نئے جج آئیں گے تو ان کے سامنے دل کھول کر باتیں کیجیے گا۔ عمر سرفراز چیمہ نے کہا کہ ہم سوا سال سے جیل میں ہیں، اب تک چار جج بدل چکے ہیں، ایک طرف کہتے ہیں 9 مئی کے کیسز کے فیصلے کیپٹل ہل جیسے فیصلے ہونے چاہئیں اور دوسری طرف کیسز کا فیصلہ ہی نہیں کر رہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہماری درخواست ہے کہ آپ اپنے ترازو میں انصاف کو تولیے۔ جج خالد ارشد نے کہا کہ میں اس کیس کو 9 تاریخ تک ملتوی کر رہا ہوں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ کیس کو 9 ستمبر میں رکھیے گا، نائن الیون میں مت ڈالیے گا۔

بقیہ 44

جنرل لوکل گورنمنٹ طارق محمود کو سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ، سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ راجہ منصور احمد کو ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ، الطاف بلوچ کو ایگزیکٹو ڈائریکٹر گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن، افضال احمد کو سیکرٹری پنجاب ایگریکلچر کمیشن، امان اللہ کو سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ جنوبی پنجاب، محمد شہزاد کو ایڈیشنل سیکرٹری ریگولیشن، محمد ذیشان ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، محمد شاہد کو ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن فاریسٹری، عمران اکرم کو ایڈیشنل سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، فاروق قمر ایڈیشنل سیکرٹری لائیو سٹاک، قیصر رشید کی خدمات سکولز ایجوکیشن کے سپرد، عبدالرزاق کو ایڈیشنل سیکرٹری سکولز ایجوکیشن، کاشف رضا کو سیکرٹری پنجاب کریکلم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، محمد شعیب ڈائریکٹر ریونیو اور بیرز پاکستانی کمیشن، ضمیر حسین کی خدمات پنجاب فوڈ اتھارٹی کے سپرد، اویس نواز کو ایڈیشنل سیکرٹری، علیزا ریحان کو ڈپٹی سیکرٹری پی ایم آر یو، خرم حمید کو ڈپٹی سیکرٹری ایڈمن انڈسٹریز، محمد احمد کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ بہاولپور کا اضافی چارج، ڈائریکٹر جنرل ڈائریکٹوریٹ آف سوشل ویلفیئر آمنہ منیر کو تبدیل ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ، ایڈیشنل سیکرٹری سی ایم آفس سکندر ذیشان کو ڈائریکٹر جنرل ڈائریکٹوریٹ آف سوشل ویلفیئر، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ فروہ عامر کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، تعیناتی کی منتظر عمران حسین کو ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن سدرہ انیس کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے جبکہ تعیناتی کی منتظر صائرہ عمر کو مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 45

سیلابی ریلے آبادی میں آنے کے بعد بڑی تعداد میں لوگ بے گھر ہو گئے۔ قلات اور گردونواح میں موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے اور ندی نالوں میں طغیانی کی صورتحال ہے۔ ژوب کی تحصیل کاکڑ خراسان میں 2 بچے برساتی ریلے میں بہہ کر جاں بحق ہو گئے۔ بلوچستان میں مون سون بارشوں میں اموات کی تعداد 34 ہوگئی ہے جبکہ مرنے والوں میں 2 خواتین اور 19 بچے بھی شامل ہیں ادھر خیبر پختونخوا اور پنجاب کو ملانے والی این 65 ہائی وے کئی مقامات پر سیلاب سے متاثر ہوئی ہے جس سے زیارت، قلعہ عبداللہ اور پشین اضلاع میں پریشان کن صورتحال ہے۔ پشین میں بلوزئی چیک ڈیم شگاف پڑنے کے بعد ٹوٹ گیا، سیلابی ریلے پل اور کئی رابطہ سڑکیں بہالے گئے۔ دوسری جانب ہرنائی میں شدید بارشوں اور سیلابی ریلے سے سروتی حفاظتی بند کئی جگہوں سے ٹوٹ گیا جبکہ ریلوے پٹری کو بھی نقصان پہنچا ہے، زیارت میں بیچی ڈیم بھر گیا، سپل وے سے پانی کا اخراج جاری ہے۔

بقیہ 46

آئی ایم ایف کی شرائط پر اقدامات کئے جارہے ہیں، ہمیں معیشت میں استحکام اور بہتری لائی ہے، یہ پاکستان کی تاریخ کا آخری پروگرام ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ملک معدنی وسائل سے مالا مال ہے، روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہماری ترجیح ہے، ہم نے اہداف کے حصول پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے، یہ سفر طویل اور مشکل ہے مگر ناممکن نہیں۔ شہباز شریف کے کہنا تھا کہ مہنگائی کا بوجھ آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے، ہمیں سمگلنگ کا خاتمہ کرنا ہے اور معیشت میں استحکام لانا ہے۔

کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان کا جامعہ سرگودھا کا دورہ

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

پوری یونیورسٹی کو سولر انرجی پر منتقل کر دیا گیا ہے جب کہ خواہ تھا رہی کے دیگر منصوبوں پر بھی کام شروع کر رہے جا رہے ہیں، وائس چانسلر

سرگودھا (حامی ندیم کے) کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان نے جامعہ سرگودھا کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان کو جامعہ سرگودھا کا دورہ کرایا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قیصر عباس نے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا میں چیف انجینئر کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر نے کمشنر کو یونیورسٹی میں جاری تعمیری تحقیقی اور ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یونیورسٹی آف سرگودھا میں 24 ہزار سے زائد طالب علم زیر تعلیم ہیں اور اس الاق شدہ کا بجوری بات کی جائے تو تعداد 50 ہزار سے زائد ہے جو کہ طالب علموں اور والدین کے یونیورسٹی پر اعتماد (بقیہ نمبر 1)

طالبات کو ہراساں کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں

ایس ایچ او چوآ سیدن شاہ چوہدری صہیب ظفر پرامن فضا قائم رکھنے کے لیے پرعزم

چوآ سیدن شاہ (غلام شہزاد ہے) ایس ایچ او چوآ سیدن شاہ چوہدری صہیب ظفر پرامن فضا قائم رکھنے کے لیے پرعزم سکول کالج نائم طالبات کو ہراساں کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں

شہری بارش سے بچنے کے لیے میٹرو بس پل کے نیچے کھڑے ہیں

کندھ کوٹ ، بارشوں نے شہر کا نظام مفلوج کر دیا

سیوریج کا گندا پانی اور کوڑے کرکٹ کا راج، میونسپل انتظامیہ ناکام

کندھ کوٹ (رپورٹ علی نواز ج) کندھ کوٹ حالیہ بارشوں کے بعد پورے شہر کا نظام مفلوج ہو گیا شہر بھر کے نچلی چوک چوراہی پانی کے اندر ڈوبی ہوئے ہیں کندھ کوٹ شہر میں ہر طرف سیوریج کا گندا پانی اور کوڑے کرکٹ کا راج ہے میونسپل انتظامیہ مکمل طور پر ناکام کندھ کوٹ گھنٹہ گھر وارڈ نمبر 12 وارڈ 13 وارڈ 14 وارڈ 15 سیت شہر کے مختلف (بقیہ نمبر 5)

کندہ کوٹ ڈویژن سیپکو کے پنشنر ملازمین کا احتجاجی مظاہرہ

ریٹائرڈ ملازمین کیساتھ انصاف کیا جائے، یو بی ایل بینک کے سامنے احتجاج

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کے مطابق ریٹائرڈ ملازمین سیپکو کندہ کوٹ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ بجٹ پیش کیا اس میں پنشنرز کی تنخواہ جولائی اور اگست کے دو مہینے کی ہمیں آج کا نوٹس کندہ کوٹ نے نہیں دی جب

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران ایس ایچ او اور ایس ایچ او اور ان کی ٹیم کو بحفاظت مطلوبہ بچہ بازیاب کروانے پر تعریفی اسناد دے رہے ہیں

سرکاری ملازمین کے سوشل میڈیا کے بلا اجازت استعمال پر پابندی عائد

ہدایات کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائیگی۔ وفاقی حکومت، تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو میمورنڈم جاری

اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس ضمن میں تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو باضابطہ آفس میمورنڈم بھیج دیا ہے

اسلام آباد (یو آئی آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے بغیر اجازت سوشل میڈیا کے استعمال کا نوٹس لیتے ہوئے سوشل میڈیا کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی حکومت، تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو میمورنڈم جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق سرکاری ملازمین بغیر اجازت سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی عائد کر دی ہے۔ ہدایات کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائیگی۔ وفاقی حکومت، تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو میمورنڈم جاری۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس ضمن میں تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو ضابطہ آفس میمورنڈم بھیج (بقیہ نمبر 8)

پیٹرول اور ڈیزل کی اسمگلنگ میں پھر اضافہ ہو گیا

سمگلنگ سے قومی خزانے کو سالانہ ایک ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے

لاہور (این این آئی) آئل کنٹیز لیڈ ڈائرکٹر کونسل نے افواج اور وزارت پٹرولیم کو خط لکھا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسمگل شدہ تیل کی آئل ریفائنریز مستقبل بند ہو سکتی ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ چند ماہ قبل اسمگلنگ کے خلاف اقدامات سے صورتحال بہتر ہوئی تھی، مختلف اداروں کے مطابق اسمگلنگ ایک بار پھر سے بڑھنے لگی ہے۔ ملک میں روزانہ ایک کروڑ لیٹر اسمگل شدہ مصنوعات استعمال ہو رہی ہیں، اسمگل شدہ تیل لگی (بقیہ نمبر 9)

معاشی اقدامات کے تحت آج ملک کی سمت درست ہو چکی ہے

ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی واقع ہوئی ہے، وفاقی وزیر احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کے معاشی اقدامات کے تحت آج ملک کی سمت درست ہو چکی ہے، ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی واقع ہوئی ہے اور حالی ترجیح پاکستان کی رینکنگ بہتر ہوئی، پاکستان کو ایک مستحکم اور جدید معیشت کے قیام کے لیے سستی اور گرین انرجی کے عمل کی طرف منتقل کرنا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان (بقیہ نمبر 1)

مولانا فضل الرحمان کی پی ڈبلیو ڈی ملازمین پر تشدد کی مذمت

نہتے مظاہرین پر پولیس گردی قبول نہیں، گرفتار مظاہرین کو فوری رہا کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے پی ڈبلیو ڈی ملازمین پر تشدد کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے مظاہرین پر پولیس گردی قبول نہیں، گرفتار مظاہرین کو فوری رہا کیا جائے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پی ڈبلیو ڈی ملازمین پر طبیعاتی اور تشدد، آنسو گیاں ہے، صرف غریب ملازمین کو گرفتاریوں (بقیہ نمبر 13)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث مجرم وجاہت کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 05 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رحمت امراں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق رحمت امراں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم شکور کو گرفتار کر لیا، ملزم نے معمولی تنخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری شاہ سوار کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ چند روز قبل رحمت امراں میں درج کیا گیا تھا، ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، ایس پی راول کیمل (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، 2 گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے والدین سے ملوا دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے والدین سے ملوا دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سیٹلز کو گمشدہ بچے جو اپنے گھر کا پتہ بھول گئے تھے، تھانہ سیٹلز نے بچوں کو تحویل میں لیا اور والدین کی تلاش شروع کر دی، تھانہ سیٹلز اور پولیس نے انتھک محنت سے بچوں کے والدین کو تلاش کر کے ان کے حوالے کیے، بچوں کے ملنے پر والدین نے راولپنڈی پولیس (بقیہ نمبر 7)

کشمیر جہانزیب اعوان سی ای او ضلع کونسل اسد ہریانے کی ملاقات

مختلف شعبہ جات کی جاری سرگرمیوں سمیت دیگر امور بارے بریفنگ دی

سرگودھا (حامی ندیم سے) کمشنر جہانزیب اعوان سے چیف ایگزیکٹو آفیسر ضلع کونسل اسد ہریانے دیگر افسران کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں اپنے ادارے کے مختلف شعبہ جات کی جاری سرگرمیوں سمیت دیگر امور بارے بریفنگ دی۔ انہوں نے ضلع کونسل کے بجٹ کے خدوخال، حاصل آمدن، جاری منصوبوں پر اب تک کی پیش رفت اور اہداف کے (بقیہ نمبر 4)

تعلیمی بورڈ سرگودھا کے پوزیشن ہولڈرز کا اعلان

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج بھکر کے طالب علم محمد حمزہ نے پہلی پوزیشن حاصل کی

سرگودھا (حامی ندیم سے) تعلیمی بورڈ سرگودھا نے انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحان کے پوزیشن ہولڈرز کا اعلان کر دیا گورنمنٹ گریجوایٹ کالج بھکر کے طالب علم محمد حمزہ نے 1156 نمبرز کے ساتھ مجموعی طور پر پہلی پنجاب کالج بھکر کی طالبہ سکینہ زہرا نے 1153 نمبرز کے ساتھ دوسرا پنجاب کالج سرگودھا کے حسن شریف اور سیمیر کالج سرگودھا کی طالبہ حادیہ سعود نے 1151 نمبرز کے ساتھ مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے (بقیہ نمبر 5)

لڑکیاں امراز آرٹ گیلری میں نمائش کے دوران کالج فار ویمن یونیورسٹی کے شعبہ ٹیکسٹائل کی طالبات کی بنائی گئی مصنوعات دیکھ رہی ہیں

محکمہ اوقاف مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام مقابلہ نعت خوانی

مقابلہ نعت خوانی 2024 مرکزی جامع مسجد اشرفیہ کولچوک سرگودھا میں منعقد ہوا

مقابلہ جات کی سرپرستی ایڈمنسٹریٹر اوقاف سرگودھا زون چوہدری عبدالشکور نے کی

سرگودھا (حامی ندیم سے) محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب سرگودھا کے زیر اہتمام مقابلہ نعت خوانی 2024 مرکزی جامع مسجد اشرفیہ کولچوک سرگودھا میں منعقد ہوا۔ جس میں طلباؤ طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مقابلہ جات کی سرپرستی ایڈمنسٹریٹر اوقاف سرگودھا زون چوہدری عبدالشکور نے کی۔ مہمان خصوصی مولانا قاری وقار احمد شفائی تھے۔ مقابلہ جات کی گرانی قاری محمد عبداللہ سالک، قاری محمد حسین سیالوی، مولانا سیف اللہ خالد، تجوز کے فرائض ممتاز عارف، اظہر عباس چشتی اور قاری محمد نواز نے سرانجام دیئے۔ چار کیٹگریز میں (بقیہ نمبر 16)

کشمور پولیس کا بھلکانی گینگ کے خلاف آپریشن

چار مشتبہ افراد زیر حراست، پولیس نے کچے کے تمام راستے بند کر دیئے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کی رپورٹ کے مطابق آپریشن کے دوران ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ جاری ہے پولیس نے ناکابندی بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ آپریشن میں خطر بند گاڑیوں جدید ہتھیاری سمیت پولیس کی بھاری نفری حصہ لے رہی ہے۔ آپریشن کے دوران ڈاکوؤں کے ٹھکانوں اور مورچوں کو آگ لگا کر مسمار کر دیا گیا آپریشن جرائم پیشہ افراد کے خاتمے تک جاری رہے گا

خواجہ سلمان رفیق حامی ادارہ صحت سے ٹائیک موشن وصول کر رہے ہیں

راولپنڈی، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

4 ملزمان گرفتار، 5 کلو کے قریب منشیات برآمد کر لی گئی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 5 کلو کے قریب منشیات برآمد کر لی۔ سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 5 کلو کے قریب منشیات برآمد کر لی۔ سی پی او سید خالد ہمدانی کی

گورنمنٹ کالج برائے خواتین بادل ٹاؤن میں ڈائریکٹر ایجوکیشن کالجز پروفیسر احسن بھٹی، پرنسپل صابرہ کے ہمراہ گلوکاری کا سمسٹر کے تحت پودا لگا کر دعا کر رہے ہیں

سندھ اسمبلی: لفظ مہاجر کے استعمال پر ایم کیو ایم کا احتجاج

کسی غیر قانونی شخص کو صوبے میں رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، ماروی راشد

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے اجلاس کے دوران صوبے میں غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کے حوالے سے تحریک التوا پیش کی گئی۔ مصوبانی اسمبلی میں تحریک التوا پیش پارٹی کی رکن اسمبلی ہیر سوہنے نے پیش کی۔ ہیر سوہنے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ملک میں تارکین وطن کو برتری ہونا چاہیے۔ ہم یہ سب سیاسی معاملے، اس کو سمجھو ولیا نہ پڑے گا، آپ لوگیں نہیں مل رہا آپ سم ملاک کر دائے ہیں، اس معاملے پر بغیر کسی رنگ و نسل کے بات کریں، کچھ چیزیں سوشل میڈیا پر نظر آئیں، ان کی جب مرضی ہوتی ہے (بقیہ نمبر 8)

بلوچستان میں ریاستی پالیسی درست نہیں، شاہ محمود قریشی

آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی وجہ بہت سے باتیں نہیں بتا سکتا، سابق وزیر خارجہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ریاستی پالیسی درست نہیں ہے، میں وزیر خارجہ رہا ہوں مجھے بہت سی باتوں کا علم ہے تاہم آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی وجہ بہت سے باتیں نہیں بتا سکتا۔ سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے جیل ٹرائل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 22 اگست کو ہم نے سب کا احترام کیا، اداروں کا بھی احترام کیا لہذا اب ہمارا احترام بھی کیا (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ہمارا مذہب اسلام امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے

جس طرح محرم الحرام میں امن اور بھائی چارے کو قائم رکھا ہے آئندہ بھی کسی کو انتشار پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم نے ذی پی او ذاکر اسد اعجاز ملحی کے ہمراہ 28 صفر المظفر کے جلوس کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر اسد اعجاز ملحی کے ہمراہ امام بارگاہ بلاک نمبر 7 دفتر میں قائم کنٹرول روم کا بھی جائزہ لیا اور تمام محکموں کی حاضری کا سائیکیہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے 28 صفر المظفر کے جلوس کے موقع پر جا کر انتظامی اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں انہوں نے اپنے (بقیہ نمبر 20)

فوجی فاؤنڈیشن کالج نوشہرہ (داؤد سون) کے زیر اہتمام کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار کا انعقاد

فوجی فاؤنڈیشن کالج میں کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار کا انعقاد

140 سے زائد طلباء اور مختلف کالجوں کے 30 اساتذہ نے بھی سیمینار میں شرکت کی

نوشہرہ (سون ویلی (نمائندہ عوامی للکار) فوجی فاؤنڈیشن ایجوکیشن سسٹم نوشہرہ (سون ویلی) نے بورڈ کلاسز کے طلباء کے لیے ایک کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار کا انعقاد کیا۔ کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار کا خیال پچھلے سال انتظامیہ کے ذہن میں آیا تھا اور پہلا سیمینار 2023 میں منعقد ہوا تھا، جسے والدین، طلباء اور سون ویلی کے مختلف مقبوں کے لوگوں نے بہت سراہا (بقیہ نمبر 21)

سائبر کرائم کیس، اوریا مقبول جان کی درخواست ضمانت مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن کورٹ نے وفاقی تحقیقاتی ادارے کے سائبر کرائم کے مقدمے میں گرفتار تجزیہ کار اور کالم نگار اوریا مقبول جان کی ضمانت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے درخواست مسترد کر دی ۔۔دوران سماعت اوریا مقبول جان کی جانب سے میاں علی اشفاق نے دلائل دیے جس میں موقف اپنایا گیا کہ ایف آئی اے کا کیس محض مفروضے پر مبنی ہے، ایف آئی اے کے پاس ٹرکول شواہد ہیں نہ ہی ریکارڈ پر کوئی ثبوت موجود ہیں، اوریا مقبول جان سے کوئی ریکوری بھی نہیں ہوئی۔ استدعا عدالت اوریا مقبول جان کی درخواست ضانت منظور (بقیہ نمبر 2)

تھانہ گوجر خان اور جاتلی پولیس کی کاروائیاں دو ملزمان کو گرفتار

جاتلی پولیس نے قتل کیس کے اشتہاری ملزمان جو روپوش تھے انکی گرفتاری عمل میں لائی

گوجر خان (فرخزاد) سرکل گوجر خان پولیس تھانہ گوجر خان اور جاتلی نے دو مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈی آئز کے مقدمہ میں مطلوب مجرم اشتہاری کو گرفتار کر لیا ملزم محمد عدنان ولد محمد رمضان سکنہ بڑی جدید گوجر خان حفاظتہ مقدمہ نمبر 372 مورخہ 10.03.2024 (بقیہ نمبر 23)

تاجر دوست اسکیم ایف بی آر پر چون فروشوں میں ڈیڈ لاک برقرار

دونوں فریقین نے اس کا کوئی حل نکالنے کے لیے مذاکرات شروع کیے لیکن کوئی بھی بریک تھرو حاصل کرنے میں ناکام رہے

ایف بی آر ملک کی تمام 84 مارکیٹس کے لئے فیئر مارکیٹ ویلیو ریٹ 60 ہزار ماہانہ کی شرح پر نظر ثانی کرے

اسلام آباد (ڈیلی آئی) ایف بی آر اور پرچون فروشوں میں تاجر دوست اسکیم پر ڈیڈ لاک برقرار ہے اور دونوں فریقین نے اس کا کوئی حل نکالنے کے لیے مذاکرات شروع کیے لیکن کوئی بھی بریک تھرو حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ ایف بی آر نے فیصلہ کیا ہے کہ دو تاجر برادری کے نمائندوں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائے گا تاکہ ملک کی تمام 84 مارکیٹس کے فیئر مارکیٹ ویلیو ریٹ 60 ہزار ماہانہ کی شرح پر نظر ثانی کرے اور اگر کوئی پرچون فروش یہ چاہتا ہو کہ اس کی آمدن تخمین شان سے آئے تو اس کی شرح کو کم کر دیا جائے۔ پرچون فروشوں نے (بقیہ نمبر 4)

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق ریسکیو ریسکیلیے عالمی ادارہ صحت سے ٹائیک موشن وصول کر رہے ہیں

انسداد ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کارروائی

اسے سی پو ٹھوہار کی جانب سے 4 کمپاؤنڈنگ اور ایک فیکٹری سیل کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے اسے سی پو ٹھوہار کی جانب سے 4 کمپاؤنڈنگ اور ایک فیکٹری سیل کر دی گئی۔ ترجمان کے مطابق کمپاؤنڈنگ اور فیکٹری کو ڈینگی لارو ملنے پر سیل کیا گیا، ایس او پیز کی (بقیہ نمبر 5)

گھریلو ناچاقی پر 25 سالہ نوجوان نے خودکشی کر کے زندگی ختم کر لی

چوکی (این این آئی) گھریلو ناچاقی پر 25 سالہ نوجوان نے خودکشی کر کے زندگی ختم کر لی۔ تھانہ سٹی چوکی کے علاقہ پانی منڈی ڈاہا بائیک سکیم کے رہائشی 25 سالہ محمد حسن نے گھریلو ناچاقی پر لگے ہوئے پنکھے سے خودکشی کر لی جس کی موت ہو گئی۔ پریشان خاندان کی پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی شروع کر دی۔

وزیر اعظم سے ایم کیو ایم وفد کی ملاقات، سندھ سے متعلق تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے وفد نے ملاقات کی اور سندھ کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں متحدہ کمال، خالد مقبول صدیقی اور امین الحق شریک تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایم کیو ایم پاکستان نے وزیر اعظم کو سندھ کے حوالے سے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا جبکہ بلدیاتی حلقوں کی تشکیل کے حوالے سے آئین پر عدم عمل کی شکایت کی۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم نے اپنے تحفظات کا معاملہ بھی اٹھایا۔ ایم کیو ایم نے وزیر اعظم سے آئین پر عدم عمل کی شکایت کی۔ متحدہ کا مطالبہ کیا۔ ایم کیو ایم پاکستان (بقیہ نمبر 27)

لڑکیاں لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کے شعبہ ٹیکسٹائل ڈیزائن کی طالبات کے بنائے ملبوسات دیکھ رہی ہیں

پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی نجکاری مسترد، سازش قرار

پی ایم ڈی سی کے ہزاروں ملازمین کا روزگار اس ادارے سے وابستہ ہے، پی ایم ڈی سی منافع کمانے والے اداروں میں شامل ہے

نجکاری کے اس عمل سے وفاقی کابینہ کی نمائندگی ختم ہو جائیگی، پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی آفیسرز ایسوسی ایشن

اختر مینگل کا قومی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہونے کا اعلان

بے بیات میں نے کسی کو ٹھیس نہیں پہنائی آج ابھی اس پریس کانفرنس میں بتا رہا ہوں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کی آفیسرز ایسوسی ایشن، فیڈریشن اور دی کل آرمز فورسز کے عہدیداروں نے ادارے کی نجکاری کو مسترد اور اسکی نجکاری کو سازش قرار دیتے ہوئے اسے واپس لینے کے مطالبہ کیا ہے۔ پشتونخوا میپ کے سربراہ اختر مینگل نے قومی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ قومی اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ میں آج اسمبلی سے استعفیٰ دینے کا اعلان کرتا ہوں، بے بیات میں نے کسی کو ٹھیس نہیں پہنائی آج ابھی اس پریس کانفرنس میں بتا رہا ہوں۔ اختر مینگل کا کہنا ہے کہ میں نے اپنے لوگوں کے لیے کچھ نہیں کر سکا، میں ریاست، صدر و وزیر اعظم پر عدم اعتماد کا اعلان کرتا ہوں، انہوں نے کہا کہ بری مدت کے بعد میں نے فیصلہ کیا کہ پارلیمنٹ آگ ہا، بلوچستان پر اپنا فل فیملہ سنا گا، بلوچستان کے مسئلے پر سیر ہاسل بحث ہونی چاہیے۔ بلوچستان (بقیہ نمبر 8)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

موٹر سائیکل اور کیری وین میں تصادم، موٹر سائیکل سوار جاں بحق

چکوال (این این آئی) چک بانگ چھاٹک کے قریب موٹر سائیکل اور کیری وین میں تصادم، موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو کمانڈ اینڈ کنٹرول روم میں کال موصول ہوئی کہ چک بانگ چھاٹک پنڈی روڈ پر ٹرین لیے ہوئے موٹر سائیکل اور کیری وین کے درمیان تصادم ہوا ہے جس میں ایک شخص بہت شدید زخمی ہے آپ کی مدد کی ضرورت ہے، ریسکیو کمانڈ اینڈ کنٹرول روم نے فوری طور پر (بقیہ نمبر 10)

چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ مع ایمونیشن اور چھری برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے ملزم عمران سے 01 بور 30 بور، صادق آباد پولیس نے ملزم کاسو اکبر سے 01 بور 30 بور مع ایمونیشن، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم عتیف گل سے 01 بور 30 بور مع ایمونیشن، گلستان پولیس نے ملزم ندیم سے (بقیہ نمبر 2)

بانی پی ٹی آئی نہیں البتہ مریم بی بی نے بارودی سرنگیں بچھائیں

منی بجٹ کے بعد مائیکرو بجٹ آنا شروع ہو جائیں گے، مزمل اسلم

پشاور (آئی آئی پی) وزیر اطلاعات خیبر پختون خوا کے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا ہے کہ منی بجٹ کے بعد مائیکرو بجٹ آنا شروع ہو جائیں گے، نخواہوں اور انکیمونٹ پر ٹیکس لگا دیئے گئے ہیں۔ مزمل اسلم کا کہنا ہے کہ کے پی حکومت ٹیکس کی وصولی میں 44 فی صد (بقیہ نمبر 26)

فوجی فاؤنڈیشن کالج نوشہرہ (داؤد سون) کے زیر اہتمام کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار کا انعقاد